باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بلوچستان کا حقیقی ترجمان

روزنامہ خبردار کوئٹہ

Daily KHABARDAR

ایڈیٹر: ایوب ترین

صفحات: 4 قیمت: 10 روپے

Email:khabardarqta@gmail.com Ph: 081-2865686 Fax: 081-2837383

جلد نمبر 27 | بروز منگل 23 اپریل 2024ء بمطابق 1445ھ | شمارہ نمبر 82

حکومت بلوچستان نے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار ایئر ایمبولینس سروس شروع کرنے کا اعلان کر دیا

پیپلز ایئر ایمبولینس مریضوں کی ہنگامی منتقلی کیلئے متعین ہوگی، وزیر اعلیٰ بلوچستان

بلوچستان میں ہیلتھ سروسز سمیت تمام شعبوں میں سروس ڈلیوری کو بہتر بنایا جا رہا ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (اے این این) حکومت بلوچستان نے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار ایئر ایمبولینس سروس شروع کرنے کا اعلان کر دیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے تاریخ میں پہلی بار ایئر ایمبولینس کے آغاز کا فیصلہ کیا ہے پیپلز ایئر ایمبولینس مریضوں کی ہنگامی منتقلی کے لئے متعین ہوگی انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت نے ایک جہاز فروخت کرنے کے بجائے عوام کے زیر استعمال لانے کا فیصلہ کیا ہے حکومت بلوچستان کے دو طیاروں میں سے ایک (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

بلوچستان اسمبلی کا آج ہونے والا اجلاس منسوخ کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کا آج ہونے والا اجلاس منسوخ کر دیا گیا بلوچستان اسمبلی کے سیکرٹری کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ آج ہونے والا اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

پی ٹی آئی نے ضمنی انتخابات کو جمہوریت کیلئے سیاہ دن قرار دیدیا

آئی جی پنجاب سمیت دیگر پولیس افسران کے خلاف قومی اسمبلی میں استحقاق مجروح کرنے کی تحریک لائیں، عمر ایوب

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف نے ضمنی انتخابات میں شدید ترین دھاندلی اور پولیس گردی کی مذمت کرتے ہوئے الیکشن کمیشن سے فوری اقدامات اٹھانے کا مطالبہ کیا ہے، پارٹی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے پنجاب حکومت اور آئی جی پنجاب سمیت دیگر متعلقہ (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

رونا پارٹی ملک میں انتشار پھیلانا چاہتی ہے، عظمیٰ بخاری

لاہور (آن لائن) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے پاکستان تحریک انصاف کا نام تبدیل کر کے پی ٹی آئی کی جگہ رونا پارٹی رکھ دیا ہے ان کا کہنا ہے کہ مذکورہ پارٹی نہ صرف (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

بلوچستان میں زمینداروں کو مشکلات کا سامنا ہے، مولانا عبدالغفور حیدری

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری سے زمیندار کسان اتحاد مستونگ و زمیندار ایکشن کمیٹی کے نمائندوں کی (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

ن لیگ مولانا کو منانے سے پہلے بڑے میاں کو منائیں، حافظ حسین احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے سینئر رہنما و سابق سینیٹر حافظ حسین احمد نے رانا ثناء اللہ کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ ن مولانا صاحب کو منانے سے پہلے بڑے میاں کو (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

سوشل میڈیا صارفین نے حنا پرویز بٹ کو آڑے ہاتھوں لے لیا

کوئٹہ (یو این اے) یہ جاہل پڑھے لکھے بھی نہیں اور کوشش بھی نہیں کرتے، سوشل میڈیا صارفین نے حنا پرویز بٹ کو آڑے ہاتھوں لے لیا پاکستان مسلم لیگ ن کی رکن پنجاب اسمبلی حنا پرویز بٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

ضمنی انتخابات میں لیگی امیدواروں کی کامیابی عوامی اعتماد کا ثبوت ہے، مریم نواز

لاہور (آن لائن) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ضمنی انتخابات میں کامیاب امیدواروں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ ضمنی انتخابات میں لیگی امیدواروں کی کامیابی عوامی (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

ایرانی صدر اور وزیراعظم کے درمیان ملاقات، آٹھ شعبوں میں ایم او یو سائن، غزہ کے معاملے میں اقوام عالم کے کردار پر تنقید

پاکستان اور ایران کا دو طرفہ تجارتی حجم 10 ارب ڈالر تک بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد، ایرانی صدر ابراہیم رئیسی، وزیراعظم شہباز شریف کی موجودگی میں دونوں ممالک کے درمیان ہونے والے معاہدوں پر دستخط کئے جا رہے ہیں

پاکستان کو سب سے پہلے ایران نے تسلیم کیا: شہباز شریف، کوئی پاک ایران تعلقات کو منقطع نہیں کر سکتا: ایرانی صدر

اقوام متحدہ کو غزہ میں انسانیت سوز مظالم کے خاتمہ کیلئے اپنا کردار ادا کرنا چاہئے، وزیراعظم شہباز شریف اور ایرانی صدر کی مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کی تقریب کے بعد گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور ایران نے دوطرفہ تجارتی حجم 10 ارب ڈالر تک بڑھانے پر اتفاق کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ملک مذہب، ثقافت، تہذیب اور ہمسائیگی کے رشتوں میں بندھے ہیں، [illegible] ترقی و خوشحالی کے مینار قائم ہوں اور انہیں کاروبار، خوشحالی اور نظر آتی ترقی میں تبدیل کریں، اقوام متحدہ اور اقوام عالم کو غزہ میں انسانیت سوز مظالم کے خاتمہ کیلئے اپنا کردار ادا کرنا (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

فضل الرحمن کو منانے کیلئے رانا ثنا کا بیان، حافظ حمد اللہ نے مسترد کر دیا

مولانا نے مفاہمت کی سیاست کی لیکن مفاہمت کی بھی ایک حد ہوتی ہے، حافظ حمد اللہ

ہماری شرافت اور مفاہمت سے جو فائدہ اٹھانا تھا، اٹھا لیا، اب دھوکا نہیں دے سکتے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے رہنما حافظ حمد اللہ نے رانا ثنا اللہ کی جانب سے مولانا فضل الرحمان کو منانے کا بیان مسترد کر دیا۔ اپنے ایک بیان میں حافظ حمد اللہ نے کہا کہ مولانا نے مفاہمت کی سیاست کی لیکن مفاہمت کی بھی ایک حد ہوتی ہے، بات اب منانے سے بہت دور جا چکی ہے، مولانا کو کس مقصد کیلئے منایا جائیگا؟ اقتدار کیلئے، ہمیں اقتدار کی ہوس نہیں، نہ ہم اقتدار کے بھوکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری شرافت اور مفاہمت سے جو فائدہ اٹھانا تھا، اٹھا لیا، اب دھوکا نہیں دے سکتے۔ 8 فروری کو ایک ڈرامہ رچایا گیا۔ پی ٹی آئی کا ووٹر سپورٹر آج نہیں نکلا، (باقی صفحہ 3 نمبر 44)

پشین: سیکورٹی فورسز کا سنزلہ پہاڑ میں آپریشن دو دہشت گرد ہلاک

[illegible]

پشین (اے این این) پشین کے علاقے سنزلہ پہاڑ میں سیکورٹی فورسز کا دہشتگردوں کیخلاف آپریشن، دو دہشتگرد ہلاک، ڈپٹی کمشنر پشین جمعہ داد مندوخیل کے مطابق پشین، آپریشن کے دوران فائرنگ سے دو دہشتگرد ہلاک ہوگئے آپریشن میں متعدد دہشتگرد زخمی بھی (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

خیبر پختونخوا میں سیکورٹی فورسز کی کارروائیوں میں 11 دہشتگرد ہلاک

سیکورٹی فورسز کے ڈیرہ اسماعیل خان میں آپریشن کے دوران دس دہشت گرد ہلاک ہوگئے، ایک دہشت گرد شمالی وزیرستان میں مارا گیا

مارے گئے دہشتگرد علاقے میں سیکورٹی فورسز کے ساتھ ساتھ معصوم شہریوں کے خلاف دہشت گردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث تھے

راولپنڈی (م ڈ) سیکورٹی فورسز نے ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر 48)

اسلام آباد، ایرانی صدر ابراہیم رئیسی، وزیراعظم شہباز شریف کی موجودگی میں دونوں ممالک کے درمیان ہونے والے معاہدوں پر دستخط کئے جا رہے ہیں

کچے کے ڈاکوؤں کو بلوچستان میں جائے پناہ نہیں ملے گی، آئی جی بلوچستان پولیس

118 مجرمان، مفرور واشتہاری ملزمان گرفتار، 20 لاکھ نقدی کروڑوں روپے کا اسلحہ برآمد

ڈیرہ مراد جمالی (یو این اے) آئی جی بلوچستان [illegible] ملزمان گرفتار کر لیے گئے ہیں جن میں سے یکم اپریل [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر 43)

پی بی 9 بلوچستان کے 4 پولنگ اسٹیشنز میں دوبارہ الیکشن کیخلاف اپیل مسترد

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) سپریم کورٹ نے بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 9 کے 4 پولنگ اسٹیشنز میں دوبارہ الیکشن کرانے کیخلاف مسلم لیگ ن کے نواب چنگیز خان کی اپیل مسترد کرتے ہوئے الیکشن کمیشن کے شیڈول کے مطابق الیکشن کرانے کا (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

ضمنی الیکشن 8 فروری انتخابات کا ریپیٹ ٹیلی کاسٹ تھے، علی محمد خان

[illegible]

اسلام آباد (آن لائن) [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر 49)

میونسپل کمیٹی قلات کے چیئرمین علی احمد کا اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا

قلات (آن لائن) [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر 47)

خطے میں چوہدراہٹ کے خواہشمند بھارت کو مالدیپ میں ایک اور دھچکا

مالے (آن لائن) خطے میں چوہدراہٹ کے خواہشمند بھارت کو مالدیپ میں ایک اور دھچکا لگ گیا۔ بھارت مخالف صدر معیز کی پارٹی کو پارلیمان میں بھی دو تہائی اکثریت حاصل ہو گئی، پی این سی پارٹی نے پارلیمانی انتخاب (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

پی ٹی آئی قیادت مذاکرات کرے تو عمران خان کی رہائی بڑی بات نہیں، رانا ثناء اللہ

مولانا فضل الرحمن کی بات سمجھنے کی کوشش کرینگے، کسی کو منانے کیلئے 10 بار بھی جانا پڑا تو جائیں گے، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) مسلم لیگ (ن) کے رہنما رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی قیادت مذاکرات کرے تو بانی پی ٹی آئی کی رہائی بڑی بات نہیں، مولانا فضل الرحمٰن کی بات سمجھنے کی کوشش کریں گے، کسی کو منانے کیلئے 10 بار بھی جانا پڑا تو جائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے لیگی رہنما و سابق وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ مذاکرات میں (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

شالکوٹ پولیس نے 1000 کلو چھالیہ برآمد کر کے 4 اشتہاری ملزمان کو گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) شالکوٹ پولیس نے اشتہاری مطلوب اور مفرور ملزمان سمیت چھالیہ کے سمگلنگ ناکام بناتے ہوئے 1000 کلو چھالیہ برآمد کر کے 4 اشتہاری ملزمان کو گرفتار (باقی صفحہ 3 نمبر 46)

فیصلہ کیا ہے کسی کو غنڈہ گردی کی اجازت نہیں دیں گے، پیپلز پارٹی

زرداری نے اختیارات پارلیمنٹ کو دیئے، میڈیا اہم ستون ہے، انشاءاللہ اس ملک کی جمہوریت بہتر طور پر چلے گی، سینیٹر شہادت اعوان

اسلام آباد (آن لائن) پیپلز پارٹی کی سینیٹر پلوشہ خان نے کہا ہے کہ چین کے صدر کا دورہ پاکستان کے دوران قیدی نمبر 804 کے لوگوں نے انتشار پھیلایا اور اب ایرانی صدر (باقی صفحہ 3 نمبر 50)

پی بی 9 بلوچستان کے 4 پولنگ اسٹیشنز میں دوبارہ الیکشن کیخلاف اپیل مسترد

جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے حلقہ پی بی 9 کے 4 مخصوص پولنگ اسٹیشنز میں دوبارہ الیکشن کیخلاف لیگی امیدوار نواب چنگیز خان کی درخواست پر سماعت کی

الیکشن کمیشن نے وجوہات تو بتائی ہیں کہ ووٹرز کا غیر فطری ٹرن آؤٹ تھا، ان علاقوں میں تو خواتین ووٹ کاسٹ کرنے بہت کم جاتی ہیں، جسٹس حسن اظہر رضوی

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) سپریم کورٹ نے بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 9 کے 4 پولنگ اسٹیشنز میں دوبارہ الیکشن کرانے کیخلاف مسلم لیگ ن کے نواب چنگیز خان کی اپیل مسترد کرتے ہوئے الیکشن کمیشن کے شیڈول کے مطابق الیکشن کرانے کا حکم دیا ہے۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے حلقہ پی بی 9 کے 4 مخصوص پولنگ اسٹیشنز میں دوبارہ الیکشن کیخلاف لیگی امیدوار نواب چنگیز خان کی درخواست پر سماعت کی۔ نواب چنگیز خان کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ 8 فروری کو 7 پولنگ اسٹیشنز پر الیکشن نہیں ہوسکا، 16 فروری کو انہی پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ ہوئی اور 3 پولنگ اسٹیشنز پر دہشتگردوں کا حملہ ہوا، 28 فروری کو ان کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری ہوا لیکن (باقی صفحہ 3 نمبر 45)

ہر شہری کو ملک کے فرسودہ نظام کے خلاف اٹھ کھڑا ہونا پڑیگا، مولانا عبدالرحمن رفیق

دنیا بھر کے ظلم کے خلاف آواز بلند کر کے شیخ الہند کے فلسفے پر گامزن ہیں، امیر جمعیت ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا قاری عبداللہ شیخ مولانا احمد جان مولانا محمد ہاشم خلجی مولانا محمد اشرف جان مفتی غلام نبی محمدی مولانا محمد ایوب مفتی عبدالسلام ریئسانی حاجی محمد شاہ لالا حافظ سراج الدین حاجی ولی محمد بڑیچ حاجی ظفر اللہ خان کاکڑ اور دیگر نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

کیا چیئرمین ایف بی آر کا کام صرف کرپٹ افسران کا تحفظ رہ گیا

کرپٹ افسران کیخلاف کارروائی کریں، ایف بی آر ان کو بچانے آ گیا، سپریم کورٹ

کورٹ نے کنٹینرز ٹریکنگ کے ٹھیکوں میں کرپشن پر ایف بی آر کے کرپٹ افسران کیخلاف کارروائی کے حکم پر نظر ثانی کی درخواست مسترد کر دی

کراچی (م ڈ) سپریم کورٹ نے کنٹینرز ٹریکنگ کے ٹھیکوں میں کرپشن پر ایف بی آر کے کرپٹ افسران کیخلاف کارروائی کے حکم پر نظر ثانی کی درخواست مسترد کر دی۔ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس قاضی عیسیٰ فائز کی سربراہی میں جسٹس جمال مندوخیل اور جسٹس نعیم اختر پر مشتمل بینچ کے روبرو کراچی رجسٹری میں کنٹینرز ٹریکنگ کے ٹھیکوں میں کرپشن پر ایف بی آر کے کرپٹ افسران کیخلاف کارروائی کے حکم پر نظر ثانی کی درخواست پر سماعت چیف جسٹس قاضی عیسیٰ فائز نے ریمارکس دیئے کہ کیا چیئرمین ایف بی آر کا کام صرف کرپٹ افسران کا تحفظ کرنا رہ گیا ہے؟ سرکار (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

پشین، داخلہ مہم کے دوران 1759 بچوں اور بچیوں کو سکول میں داخل کروایا، ڈی ای او

یونیسف کے تعاون سے ڈسٹرکٹ میں 105 فیصد ٹارگٹ حاصل کیا، زمان ترین اور دیگر کی پریس کانفرنس

پشین (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر زمان ترین کوارڈینیٹر یوسف اسماعیل جالاترئی اور دیگر نے داخلہ مہم 2024 کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ داخلہ مہم 15 اپریل کو ختم ہو چکا ہے اس سلسلے میں محکمہ تعلیم اور یونیسف کی باہمی تعاون سے ڈسٹرکٹ میں 17 ہزار 591 نئے بچوں اور بچیوں کو سکول میں داخل کروایا گیا جو مقررہ ہدف کا 105 فیصد بنتا ہے انہوں (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زمان ترین اور دیگر سکول داخلہ مہم کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سندھ حکومت کا صوبے بھر میں پیپلز بس سروس شروع کرنے کا اعلان

کراچی (آن لائن) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے صوبے بھر میں پیپلز بس سروس (پی پی ایس) شروع کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی قیادت کے وژن کے مطابق سندھ حکومت جلد ہی صوبے کے ہر ضلع میں پی پی ایس شروع کرے گی، پہلے میں ہائیکر (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

تمام لائن ڈیپارٹمنٹس دفتری امور کو حسن طریقے سے انجام دیں، ڈپٹی کمشنر پشین

ڈیوٹی میں غفلت اور کوتاہی کی صورت برداشت نہیں کریں گے غفلت کے مرتکب ملازمین کیخلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی

پشین (محب ترین سے) ڈپٹی کمشنر پشین کیپٹن ریٹائرڈ جمعہ داد خان مندوخیل نے سوموار کے روز ڈسٹرکٹ ریویو کمیٹی کی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ تمام لائن ڈیپارٹمنٹس کے ضلعی سربراہان اپنے دفتری امور پر زور دیتے ہوئے ترقیاتی اسکیمات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے اقدامات کریں، انہوں نے کہا کہ امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنے (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

عوام کے مسئلے کا حل ہم سب کے ذمہ داری ہیں، ایس پی قلات

ایک دوسرے کے اختلافات سے عوام کو نقصان پہنچتا ہے، دوستین ڈومکی

قلات (آن لائن) ایس پی قلات دوستین دشتی سے ٹرانسپورٹرز کا ایک وفد نے ملاقات کی، ملاقات میں کئی دنوں سے جاری ٹرانسپورٹرز کے ٹائم ٹیبل کا مسئلہ گزشتہ دو سالوں سے چل رہا تھا جس کے بعد بلوچستان اور قلات سے تعلق رکھنے والے ٹرانسپورٹرز نے ایس پی دوستین دشتی سے ان کے آفس میں مل کر بہتر انداز میں ٹرانسپورٹروں کے مشاورت کے بعد فوری طور پر مسئلہ حل کر دیا ایس پی دوستین دشتی نے دونوں فریقین کے مسائل بہتر انداز میں سن کر بہترین فیصلہ دیا اس موقع (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

حزب اللہ کے ڈرون حملے میں زخمی اسرائیلی فوج کا میجر دوران علاج ہلاک

تل ابیب (آن لائن) رواں ماہ کی 17 تاریخ کو لبنان کے ایک علاقے میں اسرائیلی فوج پر کیے گئے حزب اللہ کے ڈرون حملے میں 14 اہلکار زخمی ہوگئے تھے جن میں سے ایک میجر نے آج دوران علاج دم توڑ دیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج کے ترجمان کی جانب (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قلات سراج احمد بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ مینجمنٹ کمیٹی کا ماہانہ اجلاس

قلات (آن لائن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قلات سراج احمد بلوچ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ مینجمنٹ کمیٹی کا ماہانہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر قلات ساگر کمار ڈی ایچ (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

قلعہ عبداللہ عوامی نیشنل پارٹی کا مضبوط گڑھ ہے، قبائلی مشران

جنرل ایوب کے پوتے کی سنگ جمہوریت کا لبادہ اوڑھنے والوں کی اصلی چہرہ پشتون قوم پر عیاں ہو چکا

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں حلقہ پی بی 50 قلعہ عبداللہ گلستان سے اے این پی کے نامزد امیدوار انجینئر زمرک خان اچکزئی کی واضح اور شاندار برتری پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے پارٹی کارکنوں اتحادی جماعتوں بہی خواہوں قبائلی مشران حلقہ انتخاب کے رائے دہندگان اور انجینئر زمرک خان اچکزئی کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ تمام تر رکاوٹوں غیر فطری اتحادوں مذہبی جماعت کی جانب سے بظاہر بائیکاٹ کا اعلان اور در پردہ مخصوص (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

بلوچستان میں بارشوں وسیلاب سے اب تک مجموعی طور پر 16 افراد جاں بحق

موسم کی صورتحال اور پی ڈی ایم اے وضلعی انتظامیہ کے امدادی سرگرمیاں جاری پی ڈی ایم اے

کوئٹہ (اے این این) موسم کی صورتحال اور پی ڈی ایم اے وضلعی انتظامیہ کے امدادی سرگرمیاں جاری صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم نارمل رپورٹ ہوئی ہے پی ڈی ایم اے بلوچستان، پاک فوج کی طرف سے متاثرہ اضلاع میں ریسکیو و ریلیف آپریشن جاری ہے پی ڈی ایم اے بلوچستان وضلعی انتظامیہ چمن کی طرف سے چمن کے متاثرہ علاقوں میں ریلیف آپر (باقی صفحہ 2 نمبر 32)

چاغی میں طوفانی بارش نے تباہی مچادی ہے، صادق سنجرانی

دالبندین (آن لائن) چیئرمین سینٹ اور رکن صوبائی اسمبلی محمد صادق خان سنجرانی، سابق مشیر وزیر اعلیٰ بلوچستان میر اعجاز خان سنجرانی نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

پوسٹ گریجویٹ ٹرینیز کے بقایاجات ابھی تک ریلیز نہیں کیے گئے، ڈاکٹر صبور کاکڑ

ایک مہینے سے زائد کا عرصہ گزرنے کے باوجود بقایاجات کا ریلیز نہ ہونا فنانس ڈیپارٹمنٹ کے افسران کی نااہلی اور غیر سنجیدگی کا واضح ثبوت ہے

کوئٹہ (پ ر) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے رہنما ڈاکٹر صبور کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے واضح احکامات کے باوجود پوسٹ گریجویٹ ٹرینیز کے بقایاجات کا تاحال ریلیز نہ کرنا فنانس ڈپارٹمنٹ کے افسران کی نااہلی کا واضح ثبوت ہے ینگ ڈاکٹرز (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

جہانزیب مینگل کو کامیاب کر کے عوام نے ثابت کر دیا وہ بی این پی کے ساتھ ہے

بلوچستان نیشنل پارٹی اور جمعیت علما اسلام کے کارکنوں نے مخالفین کی ہر سازش کو ناکام بنا کر بی این پی کو عزت بخشی

ضمنی انتخابات میں وڈھ کے عوام بلوچستان نیشنل پارٹی کے کارکنوں اور جمعیت علما اسلام کے کارکنوں نے جرات کا مظاہرہ کر کے پارٹی کے نامزد امیدوار میر جہانزیب مینگل کو کامیاب کر کے ثابت کر دیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے وڈھ کے عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا جنہوں نے میر جہانزیب مینگل کو کامیاب کر کے ثابت کر دیا ہمارے مخالفین نے پولنگ ایجنٹوں کو تبدیل کیا پولنگ سٹیشنوں کو بند کرنے کی کوشش کی لیکن بلوچستان نیشنل پارٹی اور جمعیت علما اسلام کے کارکنوں نے ان کی ہر سازش کو ناکام بنا کر بی این پی کو عزت بخشی جس پر میں مولانا قمر الدین مولانا فیض محمد اور ان کے دیگر دوستوں کے شکر گزار ہوں جنہوں نے دن رات ایک کر کے ہمارے امیدوار کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا ان خیالات کا اظہار انہوں نے وڈھ میں میر جہانزیب مینگل کی کامیابی کے بعد کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینئر نائب (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

پنجگور میں بدامنی کا ذمہ دار ادارے ہیں، مولانا ہدایت الرحمن بلوچ

سرکاری مشینری کے باوجود بھی ٹارگٹ کلرز چور ڈاکو باآسانی فرار ہوتے ہیں، رکن صوبائی اسمبلی

پنجگور کے امن وامان کی بحالی کیلئے جلد پنجگور آئیں گے اور ایک گرینڈ جرگہ منعقد کر کے اپنے آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے

پنجگور (آن لائن) حق دو تحریک کے سربراہ رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے پنجگور میڈیا سے اپنی جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پنجگور میں بدامنی کا ذمہ دار ادارے ہیں تمام تر سرکاری مشینری جدید ٹیکنالوجی ہونے کے باوجود بھی ٹارگٹ کلرز چور ڈاکو باآسانی آکر شہریوں کو قتل کر کے لوگوں کے موٹر سائیکل گاڑی و دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہوتے ہیں اور امن وامان کے دعوے دار ادارے فخر سے کہتے ہیں کہ نامعلوم افراد تھے ہم سب کو پتہ ہے یہ نامعلوم سب کو معلوم ہیں انہوں نے کہا ہے کہ حق دو تحریک پنجگور کے بدامنی کے خلاف سخت قدم اٹھانے پر مجبور ہوگی جس کی تمام تر ذمہ داری ضلعی انتظامیہ پر عائد ہوگی انہوں نے کہا ہے کہ پنجگور کے امن وامان کی بحالی کیلئے جلد پنجگور آئیں گے اور ایک گر (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

محکمہ اینٹی کرپشن بلوچستان کی میونسپل کمیٹی سوئی ٹاؤن میں کارروائی کروڑوں روپے برآمد کر لیا

تحقیقات کے دوران ٹاؤن چیئرمین نے خود منسوب دستخط کو جعلی قرار دے دیا

ڈیرہ بگٹی (یو این اے) محکمہ اینٹی کرپشن بلوچستان نے کارروائی کر کے میونسپل کمیٹی سوئی ٹاؤن سے کروڑوں روپے ریکور کر کے واپس بینک اکاؤنٹ میں جمع کروا دیئے ذرائع نے ڈی جی اینٹی کرپشن بلوچستان عبدالواحد کاکڑ کے حوالے سے میڈیا نمائندگان کو بتایا کہ چند روز قبل محکمہ اینٹی کرپشن بلوچستان نے سوئی ڈیرہ بگٹی میں ڈویلپمنٹ کے نام آئے ہوئے تین کروڑ روپے (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

تحریک انصاف ملک کی مقبول ترین جماعت بن چکی ہے، اسفندیار کاکڑ

عمران خان کی قیادت میں ملک کو معاشی بحرانوں سے نکالیں گے

لورالائی (یو این اے) لورالائی نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی جنرل سیکرٹری اسفندیار خان نے سینکڑوں ساتھیوں سمیت نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ چھوڑ کر پاکستان تحریک انصاف میں شمولیت اختیار کی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ صوبا (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

پی ٹی آئی کے سینیٹر شبلی فراز سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر مقرر کر دیئے گئے

اسلام آباد (آن لائن) پی ٹی آئی کے سینیٹر شبلی فراز سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر مقرر کر دیئے گئے، اس حوالے سے نوٹیفکیشن جار (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

میر یونس عزیز زہری کا بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری

کوئٹہ (آن لائن) قائمقام اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے قائد حزب اختلاف کے لئے جمعیت علماء اسلام کے رکن اسمبلی میر یونس عزیز زہری کو بلوچستان اسمبلی میں اپوز (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی اصغر خان ترین اور خدائے دوست کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

چیف جسٹس نے اپیل دائر کرنے کی مدت میں تبدیلی کا عندیہ، وکلاء سے رائے طلب

عدالت کا مذاق مت بنائیں، 15 سال پرانے کیس میں مہلت طلب کرنے پر چیف جسٹس برہم

کراچی (آن لائن) چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے سپریم کورٹ میں اپیل دائر کرنے کی مدت میں تبدیلی کا عندیہ دے دیا۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے ہیں کہ عدالت کا مذاق نہ بنائیں، بار بار التوا کی درخواست دے دیتے ہیں۔ 15 سال پرانے کیس کی سماعت کے (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

ایرانی صدر آج دوسرے روز لاہور اور کراچی کا دورہ کریں گے

اسلام آباد (آن لائن) ایرانی صدر آج دوسرے روز لاہور اور کراچی کا دورہ کریں گے۔ لاہور آمد پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

موسم کی صورتحال اور پی ڈی ایم اے وضلعی انتظامیہ کے امدادی سرگرمیاں جاری

کوئٹہ (یو این اے) موسم کی صورتحال اور پی ڈی ایم اے وضلعی انتظامیہ کے امدادی سرگرمیاں جاری ہیں، پی ڈی ایم اے حکو (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی سے پی پی رہنما عبدالرؤف رند، میر پیر رند ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ خبردار کوئٹہ

پبلشر ایوب ترین نے انڈس پرنٹرز جناح روڈ سے چھپوا کر روزنامہ خبردار آفس نمبر D38 کبیر بلڈنگ جناح روڈ سے شائع کیا

بروز منگل 23 اپریل 2024ء

khabardarquetta@gmail.com
khabardarqta@gmail.com

پاکستان اور ایران کے درمیان تجارت

پاکستان اور ایران نے سکیورٹی، تجارت، سائنس و ٹیکنالوجی، ویٹرنری ہیلتھ، ثقافت اور عدالتی امور سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کے لئے 8 معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کر دیئے۔ دستخطوں کی تقریب پیر کو وزیراعظم ہاؤس میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف اور ایران کے صدر ڈاکٹر سید ابراہیم رئیسی بھی موجود تھے۔ دونوں ممالک کے درمیان سیکورٹی کے شعبے میں تعاون کے معاہدے کی توثیق کر دی گئی۔ سول معاملات میں تعاون کے لئے عدالتی معاونت کے معاہدے پر وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ اور ایرانی کے وزیر انصاف امین حسین رحیمی نے دستخط کئے۔ دونوں ممالک کے درمیان ویٹرنری و حیوانات کی صحت کے شعبے میں تعاون کے معاہدے پر بھی دستخط کیے گئے۔ معاہدے پر نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ کے وزیر رانا تنویر حسین اور ایران کے وزیر زراعت جہاد محمد علی نیک بخت نے دستخط کیے۔ پاکستان اور ایران کے درمیان جوائنٹ فری اکنامک زون اور سپیشل اکنامک زون کے قیام کے لئے مفاہمت کی یادداشت پر سیکرٹری سرمایہ کاری بورڈ عنبرین افتخار اور ایران کے مشیر برائے صدر و سپریم کونسل آف فری ٹریڈ انڈسٹریل اینڈ سپیشل اکنامک زونز کے سیکرٹری حجت اللہ عبد الماکلی نے دستخط کئے۔ ایران کی وزارت کوآپریٹو لیبر اینڈ سوشل ویلفیئر اور وزارت سمندر پار پاکستانیز و پاکستان کی انسانی وسائل کی ترقی کے درمیان تعاون کے ایک مفاہمت کی یادداشت پر وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانیز چوہدری سالک حسین اور ایران کے وزیر برائے روڈ و شہری ترقی مہرداد بازرپاش نے دستخط کیے۔ دونوں فریقین نے پاکستان سٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی وزارت سائنس و ٹیکنالوجی اور ایران کی نیشنل سٹینڈرڈ آرگنائزیشن کے درمیان تعاون کے لئے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کئے۔

گراں گوش حکمرانوں کیلئے آلہ سماعت

فاروق عالم انصاری

[illegible]

...سپرٹ Seperate چائے منگوائی۔ بیرا گاہک کا آرڈر نہ سمجھ سکا۔ وہ مکس چائے لے آیا۔ وہ بزرگ مکس چائے دیکھ چونک کر بولے۔ "ارے! تم نے تو میرے سارے اختیار ہی ہتھیا لئے۔"

...ایک مسئلہ ہی رہی۔ ہم بنیادی جمہوریت سے چل کر اسلامی جمہوریت کو بھگتتے ہوئے حقیقی جمہوریت تک آن کھڑے ہوئے ہیں۔ لیکن ابھی تک وہیں کے وہیں ہیں جہاں سے یہ شروع ہوئی تھی۔ اس نام کے جمہوری ملک میں ہم...

...اردو کے ایک اہم لکھنے والے ہیں۔ اللہ جانے انہیں مختار مسعود اور قدرت اللہ شہاب جیسی مقبولیت اور قبولیت کیوں حاصل نہیں ہو سکی؟ انہوں نے اپنی آخری کتاب "دو مینار" میں بیوروکریسی...

...اعلان نہ رہا۔ ہندوستان میں جاگیرداری ختم کر دی گئی۔ جاگیرداروں نے اپنی جاگیروں کی حفاظت کیلئے ہی مسلم لیگ میں شمولیت کر کے پاکستان کی حمایت کا اعلان کیا تھا۔ پھر تو وہ بھی یہ نعرہ لگانے...

...ان کی تمام سیاسی اور غیر سیاسی سرگرمیوں کا محور اپنی جاگیر کی حفاظت ہوتا ہے۔ انہوں نے اس بات سے انکار کیا کہ انکے مطابق حالات کی خرابی بری حکمرانی کے باعث ہے سندھ کا ہاری سیاسی سسٹم کی وجہ سے عذاب میں ہے نہ کہ...

...مشورہ دیا تاکہ وہ اس کی بات سن سکے۔ ہمارے گراں گوش حکمرانوں کو اللہ جانے کیسا آلہ سماعت درکار ہے کہ عوام کا دکھ درد، آہ و زاری اور چیخیں ان کے کانوں تک پہنچ سکیں۔

افریقہ کے گیٹ وے سوڈان میں خانہ جنگی کا ایک برس

شاہد خان

سوڈان کی موجودہ صورتحال مسلم دنیا ہی نہیں بلکہ عالمی برادری کیلئے بھی "الارمنگ" بنتی جارہی ہے لیکن اس سے عالمی ادارے اور بڑی طاقتیں اور حتی کہ ہمسایہ اور دوست ممالک بھی مسلسل بے اعتنائی کا مظاہرہ کر رہے ہیں نہ جانے کیوں؟ آخر سوڈان میں کھیلی جانے والی خون کی ہولی کا ذمہ دار کون ہے؟ کیا ایک سال گزر جانے کے باوجود بھی اس کا فیصلہ نہیں کیا جا سکا اگر سوڈان میں یہ سلسلہ جاری ہے پھر لاوا افریقی و عرب ممالک ہی نہیں بلکہ پورے عالم اسلام کو بھی اپنی لپیٹ میں لے سکتا ہے، عالمی اداروں کی میڈیا رپورٹس میں سوڈان بارے چونکا دینے والے حقائق کا انکشاف کیا گیا ہے سوڈان میں جہاں اپنے ہی کے ہاتھوں قتل وغارت کا بازار گرم ہے وہاں عزت مآب ماؤوں اور بہنوں کی عزتیں بھی محفوظ نہیں مصدقہ رپورٹس کے مطابق حالیہ خانہ جنگی کی وجہ سے سوڈان کا شمار دنیا کے خطرناک ترین ممالک میں ہونے لگا ہے جہاں سیکورٹی کی مخدوش صورتحال کی وجہ سے سب سے بڑا انسانی مسئلہ جنم لے چکا ہے جس کے نتیجہ میں 5 کروڑ کی کل آبادی میں 2 کروڑ بچے آؤٹ آف سکول ہو چکے ہیں اگر خدا نخواستہ خانہ جنگی کی صورتحال مزید کچھ اور عرصہ برقرار رہی پھر یہ شرح یقیناً خطرناک ترین سطح کو بھی عبور کر جائے گی جس کے بعد یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں ہوگا کہ سوڈان کے مستقبل کن ہاتھوں میں ہوگا؟ ایسا معلوم ہو رہا ہے جیسے سوڈان کی صورتحال سے لاپرواہی کا مظاہرہ ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت کیا جارہا ہے اس سے قبل ایک خانہ جنگی نے سوڈان کی معیشت کو تباہ کیا جبکہ دوسری خانہ جنگی کے بعد سوڈان دو حصوں میں تقسیم ہوا جبکہ تیسری خانہ جنگی کے بعد سوڈان کا مستقبل انتہائی مخدوش نظر آرہا ہے، وہاں کاروباری سرگرمیاں مکمل طور پر ختم ہو چکی ہیں انٹرنیٹ اور مواصلاتی رابطے معطل ہونے کی وجہ سے سوڈانی عوام کا دنیا سے رابطہ نہیں رہا خانہ جنگی کی وجہ خرطوم کا بین الاقوامی ہوائی اڈا عملاً بند ہے ملک میں بنیادی ضروریات زندگی کی اشیاء بھی ناپید ہو چکی ہیں مصدقہ اعداد و شمار کے مطابق سوڈان میں اڑھائی کروڑ افراد فوری انسانی امداد کے منتظر ہیں، 60 لاکھ سوڈانی بے گھر ہو چکے ہیں جن کا کوئی پرسان حال نہیں اور ان میں سے 12 لاکھ ہمسایہ ممالک چاڈ، جمہوریہ وسطی افریقہ اور لیبیا ہجرت کر چکے ہیں خانہ جنگی کے دوران صرف ایک شہر میں 15000 سے زائد افراد لقمہ اجل بنے جبکہ 35000 ہزار سے زائد شدید زخمی ہوئے ہیں ملک کی 50 فیصد سے زائد آبادی شدید غذائی قلت کا شکار ہے جو اپنی روح اور سانس کا رشتہ برقرار رکھنے میں ناکام ہے متعدی اور موذی امراض تیزی سے پھیل رہی ہیں جن کا بروقت علاج نہ ہونے کی وجہ شرح اموات روز بروز بڑھتی جارہی ہے طویل ترین خانہ جنگی [illegible] اپریل 2024ء [illegible] سوڈان میں تیسری خانہ جنگی کو [illegible] سال مکمل ہو گیا ہے گذشتہ سال اپریل [illegible] میں پھٹنے والا یہ لاوا وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مزید پکتا جارہا ہے جس کے ٹھنڈا ہونے کے تاحال کوئی آثار دکھائی نہیں دے رہے روز بروز حالات بد سے بدتر ہوتے جارہے ہیں جس سے معلوم ہو رہا ہے کہ اب کوئی معجزہ ہی سوڈان کی صورتحال میں بہتری لاسکتا ہے، عالمی اور بعض عرب ممالک کی پشت پناہی میں سوڈانی ریپڈ سپورٹ فورسز اپنے ہی ملک کی عسکری قوت سوڈان آرمڈ فورسز کے خلاف نبرد آزما ہے، ریپڈ سپورٹ فورسز کی قیادت جنرل محمد حمدان عرف حمیدتی کر رہے ہیں جبکہ سوڈانی آرمڈ فورسز کو جنرل عبدالفتاح البرہان لیڈ کر رہے ہیں دونوں نے مل کر جنرل عمر البشیر کا تختہ اپریل 2019ء میں [illegible] لڑی جارہی ہے جس کا نشانہ سوڈانی عوام بن رہے ہیں مسلسل تعلیمی و مالیاتی اداروں، ہسپتال اور اہم سرکاری عمارتوں کو گولہ باری اور آتشیں اسلحہ سے نشانہ بنایا جارہا ہے جس سے یہ عمارتیں کھنڈر میں تبدیل ہو چکی ہیں زچگی کے دوران خواتین کا لقمہ اجل بننا ایک معمول ہے اور خواتین کی بے حرمتی اور گمشدگی کے واقعات عام ہیں خرطوم سمیت دیگر شہروں سے ہونے والی اس جبری ہجرت کے نتیجہ میں خالی ہونے والے گھروں میں ریپڈ سپورٹ فورسز کے خاندان نے زبردستی قبضہ کر لیا ہے ہیں، بی بی سی کی ایک رپورٹ کے مطابق سوڈان کی خانہ جنگی میں خواتین کو ریپ کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ اس صورتحال میں سوڈان کے دوست اور ہمسایہ ممالک بھی خاموش ہیں متحدہ عرب امارات سوڈان کا سب سے بڑا تجارتی پارٹنر ہے جس کی سرمایہ کاری کا حجم ملک میں ہونے والی [illegible] نمبر پر ہے مصر اور سعودی عرب سوڈان کے ہمسایہ بھی ہیں جبکہ متحدہ عرب امارات کا اثر و رسوخ ان دونوں ممالک سے کہیں زیادہ ہے لیکن کوئی بھی آزمائش کی گھڑی میں سوڈانی عوام آہ و بکا نہیں سن رہا، قانون نافذ کرنے والے ادارے بے بس ہیں کسی بھی شہری آبادی پر دھاوا بولنے سے قبل حکومت مخالف عسکری قوت ریپڈ سپورٹ فورسز پولیس آفیسر کو اغوا کر لیتی ہیں جس کے بعد کسی جان محفوظ رہتی اور نہ ہی مال، سوڈانی عوام کو کسی قسم کا ریلیف دینے کے لئے قانون نافذ کرنے والے ادارے بھی ناکام ہیں، اب صورتحال یہ ہو چکی ہے کہ دارالحکومت خرطوم، خرطوم بحری اور ام درمان پر حکومت مخالف عسکری اتحاد کا کنٹرول ہو چکا ہے مصدقہ ذرائع کے مطابق سرکاری پٹرول ڈپو، سرکاری ریڈیو اور ٹیلی ویژن، بین الاقوامی ہوائی اڈا ملٹری ایئر بیس اور [illegible]

---

(01)
کو ائیر ایمبولینس بنایا جائیگا بلوچستان میں ہیلتھ سروسز سمیت تمام شعبوں میں سروس ڈیلیوری کو بہتر بنایا جارہا ہے فیصلہ سازی کی ترجیحات بدل کر خاطر خواہ نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں

(02)
اعتماد کا ثبوت ہے، عوام جان چکے ہیں ان کی ترقی کیلئے نواز شریف کی قیادت ضروری ہے، پنجاب کو آگے لیکر جائیں گے، ترقی کا سفر ہر روز تیز تر ہوگا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے اپنے حق رائے دہی کا صحیح استعمال کرنے پر عوام کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ ن کے قومی و صوبائی اسمبلی کے امیدواروں کی کامیابی عوام کے اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے، باشعور عوام نے ثابت کر دیا وہ اپنے ووٹ کے صحیح استعمال کا بھرپور شعور رکھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عوام جان چکے ہیں ان کی ترقی کیلئے نواز شریف کی قیادت ضروری ہے، قوم کی ترقی اور عوام کی خدمت صرف مسلم لیگ (ن) کا شعار ہے، پنجاب کو آگے لیکر جائیں گے، ترقی کا سفر ہر روز تیز تر ہوگا، پاکستان مسلم لیگ (ن) عوام کی حقیقی نمائندہ جماعت ہے۔ مریم نواز نے مزید کہا کہ عوام نے شفاف انتخاب میں مسلم لیگ (ن) کو بھرپور اعتماد سے نوازا، ہم کام کریں گے اور کرتے رہیں گے، ہمارا کام بولے گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے انتخابات کے پرامن انعقاد پر انتظامیہ پولیس اور دیگر اداروں کی کاوشوں کو بھی سراہا۔

(03)
کو اکثر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے تنقید کا سامنا رہتا ہے۔ حالیہ دنوں وہ اپنے دورہ چائنہ کی وجہ سے تنقید کا شکار رہیں لیکن آج ان کی سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ وائرل ہو رہی ہے، جس میں انہوں نے نجی ٹی وی کا ایک اسکرین شاٹ شیئر کیا جس کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے بلوچستان میں ایئر ایمبولینس سروس شروع کرنے کا اعلان کیا جبکہ حنا پرویز بٹ نے اپنی پوسٹ کے ساتھ کیپشن میں لکھا کہ صرف کے پی کے نہیں سندھ حکومت بھی مریم نواز صاحب کو فالو کر رہی ہے۔ یہ پوسٹ جیسے ہی شیئر ہوئی سوشل میڈیا صارفین نے حنا پرویز بٹ کو آڑے ہاتھوں لے لیا اور اپنی پوسٹس میں انکو ٹرول کرنے لگ گئے۔ حنا پرویز بٹ کی پوسٹ پر سید حذیفہ بٹ نے تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ کیلئے عمران خان نے کہا تھا کہ یہ جاہل پڑھے لکھے بھی نہیں ہیں اور پڑھتے بھی نہیں ہیں، صاف لکھا ہوا ہے کہ بلوچستان حکومت اور محترمہ کہہ رہی ہے سندھ حکومت یاسر ملک نے حنا پرویز بٹ کی پوسٹ پر جواب دیتے ہوئے لکھا کہ سرفراز بگٹی سندھ کا وزیر اعلیٰ ہے؟ میں بلوچستان کا سمجھ رہا تھا ایک اور ایکس صارف نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ ہاہاہاہا ٹک ٹاک ایمبولینس واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالتے ہی پنجاب میں ایئر ایمبولینس سروس شروع کرنے کا اعلان کیا تھا۔ پاکستان اور پنجاب کی پہلی ایئر ایمبولینس سروس کیلئے تربیتی سیشن کا آغاز کر دیا ہے، ایئر ایمبولینس سروس جون میں شروع ہو جائے گی۔

(04)
منائیں، ہم کسی کی ماننے نہیں بلکہ اپنی بات منوانے کے لیے میدان میں نکلے ہیں جے یو آئی سول بالادستی کے مطالبے پر میدان میں نکلی ہے، مسلم لیگ ن موقع پرست جماعت ہے جب مشکل میں ہوتی ہے تو گلے سے لگاتی ہیں اور جب مشکل سے نکل جائے تو گلے پڑ جاتی ہے۔ اپنے ایک بیان میں حافظ حسین احمد کا کہنا تھا کہ رانا ثناء اللہ کہتے ہیں کہ ہم

مولانا فضل الرحمن کو منانے کی کوشش کریں گے رانا صاحب آپ ہمیں چھوڑیں پہلے اپنے بڑے میاں کو منائیں وہ سب سے زیادہ ناراض ہیں کیوں کہ نواز شریف کے چوتھی بار وزیر اعظم بننے کا خواب مسلم لیگ ن نے ہی چکنا چور کیا۔ انہوں نے کہا کہ کوئی رانا ثناء اللہ سے پوچھے کہ آخر میاں نواز شریف کے وزیر اعظم بننے میں کون رکاوٹ تھا ایسے حالات کس نے پیدا کئے کہ بڑے میاں کے بجائے چھوٹے میاں کو وزیر اعظم بنایا گیا؟ یہ کوئی عام سی بات نہیں بلکہ اسی سوال میں سب جواب چھپے ہوئے ہیں۔ شہباز شریف "ان" کے اتنے فرمانبردار ہیں کہ اپنے ہی محسن کے پیٹ میں چھرا گھونپ دیا درحقیقت مسلم لیگ ن اپنے محسنوں سے دغا کرنے میں کبھی دیر نہیں کرتی۔

(05)
سردار اللہ یار بدوزئی و مولانا سعید الرحمن فاروقی کی قیادت میں وفد کی مشترکہ ملاقات۔ ملاقات میں حاجی محمد صدیق لہڑی میر فضل محمد شہی، حاجی محمد اسحاق لہڑی جبکہ زمیندار ایکشن کمیٹی کے مکری حیات لہڑی حاجی افضل و دیگر موجود تھے۔ اس موقع پر انہوں نے مولانا عبدالغفور حیدری کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ بلوچستان میں زمینداروں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ جو لیگل ٹیوب ویل ہے انکو سولر سسٹم پر کر دیا جائے۔ ہمیشہ زمینداروں کے ساتھ کھڑے رہے ہیں۔ ہم اب بھی زمینداروں کو ساتھ لیکر چلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ زمینداروں کے چھ گھنٹے بجلی بحالی کا مطالبہ کرتے ہیں بلوچستان کے زمینداروں کیلئے سولر سسٹم ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ زمینداروں کا سالانہ اسی ارب سبسڈی بنتا ہے جو انہیں نہیں دیا جارہا۔ پتہ نہیں ملک کو کس طرف لیکر جارہے ہیں اپوزیشن میں رہ کر بھی علاقے کے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں گے۔

(06)
ملک میں انتشار پھیلانا جانتی ہے بلکہ یہ پارٹی ہر وقت رونا بھی جانتی ہے۔

(07)
حلقوں کی جانب سے ضمنی انتخابات پر اثر انداز ہونے کو شرمناک قرار دیتے ہوئے اسے جمہوریت کیلئے سیاہ دن قرار دیا ہے جبکہ سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی عمر ایوب خان نے آئی جی پنجاب سمیت دیگر پولیس افسران کے خلاف قومی اسمبلی میں استحقاق مجروح کرنے کی تحریک لانے کا اعلان کیا ہے۔

(08)
منسوخ کر دیا گیا ہے نئی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

(09)
چاہئے، پاکستان اور ایران نے ہمیشہ کشمیری اور فلسطینیوں کے حق خود ارادیت کی جدوجہد کی حمایت کی ہے۔ پیر کو ایران کے صدر سید ابراہیم رئیسی کے دورہ پاکستان کے موقع پر مختلف شعبوں میں تعاون کیلئے مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کی تقریب کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ ایرانی صدر برادر ملک ایران سے پہلے مہمان ہیں جو ہماری حکومت کے بعد بطور صدر، پاکستان کا پہلا دورہ کر رہے ہیں، یہ ہمارے لئے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان مذہب، ثقافت اور تہذیب کے رشتوں، سفارتی، سرمایہ کاری، سکیورٹی کے تعلقات پر تفصیل سے بات چیت ہوئی ہے

(10)
ہوئے ہیں ہلاک اور زخمی ہونیوالے دہشتگرد رسالدار

لیویز حمید اللہ کی شہادت میں ملوث تھے عوام سنزلہ پہاڑ کی طرف جانے سے گریز کریں۔

(11)
کے مطابق الیکشن کرانے کا حکم دیا ہے۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 3 رکنی بنچ نے حلقہ پی بی 9 کے 4 مخصوص پولنگ اسٹیشنز میں دوبارہ الیکشن کیخلاف لیگی امیدوار نواب چنگیز خان کی درخواست پر سماعت کی۔ نواب چنگیز خان کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ 8 فروری کو 7 پولنگ اسٹیشنز پر الیکشن نہیں ہوسکا، 16 فروری کو انہی پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ ہوئی اور 3 پولنگ اسٹیشنز پر دہشتگردوں کا حملہ ہوا، 28 فروری کو ان کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری ہوا لیکن 12 مارچ کو الیکشن کمیشن نے کوئی وجہ بتائے بغیر 4 پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ پولنگ کا حکم دیدیا۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے وجوہات تو بتائی ہیں کہ ووٹرز کا غیر فطری ٹرن آؤٹ تھا، ان علاقوں میں تو خواتین ووٹ کاسٹ کرنے بہت کم جاتی ہیں مگر یہاں پولنگ اسٹیشنز پر 85 سے 95 فیصد ووٹ کاسٹ ہوا ہے۔ عدالتی استفسار پر وکیل درخواست گزار نے بتایا کہ انہیں فارم 45 نہیں ملا کیونکہ الیکشن کمیشن نے فارم 45 چند گھنٹوں کے لیے ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیا تھا جسے بعد میں پھر ہٹا دیا گیا تھا جسٹس حسن اظہر رضوی نے دریافت کیا کہ دیگر پولنگ اسٹیشنز پر 85 فیصد ووٹ کاسٹ ہوا یا نہیں، متعلقہ پولنگ اسٹیشنز آپ کے ہوم گراؤنڈ ہیں تو دوبارہ الیکشن ہی ہو رہا ہے۔ الیکشن کمیشن کے وکیل کا موقف تھا کہ عدالتی فیصلے موجود ہیں غیر فطری ووٹنگ پر دوبارہ پولنگ ہوگی، الیکشن کمیشن نے تمام حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے دوبارہ الیکشن کا حکم دیا، ہم دونوں فریقین کو موقع فراہم کر رہے ہیں وہ الیکشن لڑیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمان نے کہا کہ اس ضمن میں سپریم کورٹ کا 2023 میں علی احمد ملہی کیس کا فیصلہ موجود ہے۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے لیگی امیدوار کے وکیل کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کا امیدوار اتنا پاپولر ہے کہ 99 فیصد ووٹ لے رہا ہے تو دوبارہ الیکشن لڑیں۔ سپریم کورٹ نے مسلم لیگ ن کے نواب چنگیز خان کی دوبارہ الیکشن کے انعقاد کیخلاف اپیل مسترد کرتے ہوئے 24 اپریل کو بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 9 کے 4 پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ الیکشن کرانے کا الیکشن کمیشن کا فیصلہ برقرار رکھا ہے، 3 رکنی بنچ نے اس فیصلے کے ضمن میں تفصیلی وجوہات بعد میں جاری کرنے کا کہا ہے۔

(12)
جمعیت شیخ الہند کی حریت فکر کی امین ہے۔ ہر شہری کو ملک کے فرسودہ نظام کے خلاف اٹھ کھڑا ہونا پڑیگا، روس امریکہ ہر استعمار کے خلاف کھلی بغاوت کی ہے، دنیا بھر کے ظلم کے خلاف آواز بلند کر کے شیخ الہند کے فلسفے پر گامزن ہیں۔

(13)
نے کہا کہ تمام سکولوں میں تدریسی کتب پہنچ چکی ہیں ریشنلائزیشن پلان کے تحت 66 سکولز کو فال کر کے اساتذہ کو ڈیوٹیوں کا پابند بنایا گیا ہے اساتذہ کو سختی سے ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنی جائے تعیناتی پر حاضر رہیں غیر حاضری کی صورت میں سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ تمام اساتذہ نئے آنے والے بچوں کو ضرور سکول میں داخل کروائیں تاکہ کوئی بھی سکول عمر کا بچہ سکول سے باہر نہ رہے۔

(14)
سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ 17 اپریل کو زخمی

ہونے والے میجر 27 سالہ ذوہیب زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسے جن کی آئندہ ماہ شادی طے تھی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ میجر زہیل نے اپنے تمام اعضا عطیہ کرنے کی وصیت کی تھی اس لیے ان کی تدفین قدرے تاخیر سے یہودا کے قبرستان کے ملٹری سیکشن میں ہوگی۔ ایک ہفتے قبل کیے گئے حزب اللہ کے اس ڈرون حملے میں زخمی ہونے والے متعدد اہلکار اب بھی زیر علاج ہیں جن میں سے 4 کی حالت نازک ہونے کے سبب ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے۔

(15)
ن میر سرفراز خان بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے حالیہ سیلاب متاثرین کے لئے بھرپور اقدامات کر کے اپنی مخلصی اور عوام دوستی کا واضح ثبوت دے دیا جانی میں طوفانی بارش نے تباہی مچا دیا ہے

(16)
ایسوسی ایشن بلوچستان کے ترجمان کے مطابق بلوچستان کے غریب عوام کی دن رات خدمت کرنے والے پوسٹ گریجویٹ ٹرینیز کے بقایاجات ابھی تک ریلیز نہیں کیے گئے جس کے لیے ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر ڈاکٹر کلیم اللہ کاکڑ کی سربراہی میں ایک وفد نے وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی تھی

(17)
پے کے لگ بھگ رقم نکال لئے گئے ہیں جس پر محکمے نے قانون کے مطابق کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ افراد سے تحقیقات شروع کر دی تحقیقات کے نتیجے میں متعلقہ بینک برانچ سے پیسے نکالے جانے کی تصدیق ہوگئی جس کے بعد ٹاؤن چیئرمین اور چیف آفیسر لوکل گورنمنٹ سے پوچھ گچھ کی گئی کیونکہ جوائنٹ سگنیچرز سے ہی بینک سے رقم ریلیز کی جاسکتی تھی تحقیقات کے دوران ٹاؤن چیئرمین نے خود منسوب دستخط کو جعلی قرار دے دیا تاہم سوئی ٹاؤن میئر اور چیف آفیسر لوکل گورنمنٹ نے محکمے سے تعاون کرتے ہوئے نکالی گئی رقم تین کروڑ روپے متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں جمع کرا دی تاہم اس سلسلے میں مزید تحقیقات کا سلسلہ جاری رہے گا

(18)
ئی جنرل سیکرٹری اسفند یار خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی مرکزی صوبائی اور ضلعی قیادت کے موجودگی میں پاکستان تحریک انصاف میں شامل ہوگئے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسفندیار کاکڑ نے کہا عمران خان کی قیادت پر اعتماد کرتے ہوئے پی ٹی آئی کو جوائن کیا انہوں نے کہا پاکستان تحریک انصاف ملک کی مقبول ترین جماعت بن چکی ہے عمران خان کی قیادت میں ملک کو معاشی بحرانوں سے نکالیں گے

(19)
ایرانی صدر کا خیر مقدم کریں گے۔ ایرانی صدر کے دورے کے موقع پر آج لاہور میں عام تعطیل کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ ایرانی صدر ابراہیم رئیسی مینار پاکستان، اقبال میوزیم، بادشاہی مسجد اور شاہی قلعہ کا دورہ کریں گے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے ایرانی صدر کے اعزاز میں ظہرانہ کا اہتمام ہوگا۔ گورنر پنجاب سے ملاقات کے بعد ایرانی صدر کراچی روانہ ہو جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ ایرانی صدر کا استقبال کریں گے۔ ایرانی صدر ابراہیم رئیسی کراچی میں مزار قائد پر حاضری دیں گے۔ ایرانی صدر کراچی میں بزنس کمیونٹی سے ملاقاتیں کریں گے۔ ایران کے صدر دورہ مکمل کر کے کراچی سے روانہ ہو جائیں گے۔

[illegible]

01

۔عدالت نے ریمارکس دیئے کہ چیف کمشنر خود کو کیسے صوبائی حکومت قرار دے سکتا ہے، آپ نے انہیں قید تنہائی میں رکھا ہوا ہے، یہ ایک طرح تشدد ہے، اس کیس میں ایک رٹ اور چھ متفرق درخواستیں آئی ہوئی ہیں۔جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے سٹیٹ کونسل سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ کے پاس کوئی گراؤنڈ نہیں ہے۔عدالت نے وکیل بشریٰ بی بی سے استفسار کیا کہ آپ ابھی بھی بشریٰ بی بی کو بنی گالہ سے اڈیالہ جیل منتقل کرانا چاہ رہے ہیں، جس پر وکیل عثمان ریاض گل نے جواب دیا کہ جی بالکل ہم بشریٰ بی بی کو اڈیالہ جیل منتقل کرانا چاہتے ہیں۔عدالت نے بشریٰ بی بی کے وکلا سے آئندہ سماعت پر تحریری دلائل طلب کرتے ہوئے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ اس کیس میں اب مزید تاخیر نہ ہو۔بعدازاں عدالت نے سٹیٹ کونسل کی وقت مانگنے کی استدعا منظور کرکے سماعت اگلے ہفتے تک ملتوی کردی۔

02

مینگل 28175 ووٹ لے کر پہلے نمبر پر رہے جبکہ آزاد امیدوار شفیق الرحمن مینگل 20344 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے۔

03

مطابق مولوی عمر جان کو گزشتہ ہفتے جمعرات کو قتل کیا گیا، ان کے قتل کی تحقیقات جاری ہیں

04

صحبت پور کے چیئرمین اور صحبت پور ضلع کے بانی پاکستان کے سابق وزیراعظم مرحوم ریٹائرڈ حاجی ہزار خان کے فرزند ایڈووکیٹ امجد کھوسو و دیگر کے خلاف پولیس تھانہ صحبت پور میں فائرنگ کا مقدمہ درج کیا گیا۔

05

تاریں بچھائی جا رہی ہیں۔گوادر پرو کے مطابق گوادر نارتھ فری زون میں 10 میگا واٹ بجلی کی فراہمی کے لیے تقریباً 80 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے جو گوادر نارتھ فری زون کے قیام کے بعد سے بجلی کی فراہمی کے خواہشمند سرمایہ کاروں اور کمپنیوں کے لیے ایک حیران کن ہے۔گوادر پورٹ اتھارٹی بطور ایگزیکٹو ایجنسی مئی کے تیسرے ہفتے میں پورا کام مکمل کرے گی۔زمین کے اوپر کے بجائے ڈیپ سی پورٹ گرڈ اسٹیشن سے 300 میٹر طویل زیرزمین بجلی کی تاریں بچھائی جا رہی ہیں جس میں حال ہی میں نارتھ فری زون کے داخلی راستے پر ایک ذیلی اسٹیشن تعمیر کیا گیا ہے۔سب اسٹیشن میں کنٹرول پینل، ایچ ٹی روم اور الماریاں ہیں جو زون میں فیکٹریوں کو بجلی کی فراہمی کا انتظام کرتی ہیں۔گوادر پرو کے مطابق سب اسٹیشن سے 5 کلومیٹر طویل 132 کے وی ڈسٹری بیوشن لائن بچھائی جا رہی ہے جس میں 5 میگاواٹ کے دو فیڈرز ہوں گے۔نارتھ فری زون کے اندر فیکٹریوں کے احاطے میں پہنچنے پر جہاں ہان گینگ اور ایگزن سمیت کمپنیاں کام کر رہی ہیں، ان کی ضروریات کے مطابق بجلی کی فراہمی کے لیے سٹیپ ڈاؤن ٹرانسفارمر نصب کیے جائیں گے۔کراچی سے تعلق رکھنے والی کمپنی سکما گوادر نارتھ فری زون میں ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک تعمیر کر رہی ہے۔گوادر پورٹ اتھارٹی (جی پی اے) کے عہدیدار نے گوادر پرو کو بتایا کہ کوئٹہ الیکٹرک پاور سپلائی کمپنی (کیسکو) اور چائنا اوورسیز پورٹس ہولڈنگ کمپنی (سی او پی ایچ سی) کے مشترکہ فزیبلٹی سروے کی روشنی میں گوادر پورٹ اتھارٹی (جی پی اے) پورے عمل کو بھرپور انداز میں انجام دے رہی ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ گوادر پورٹ گرڈ اسٹیشن سے نارتھ فری زون کے مرکزی داخلی دروازے تک بجلی کی فراہمی شروع ہو جائے گی۔گوادر پرو کے مطابق ڈیپ سی پورٹ کا واحد گرڈ اسٹیشن 2019 میں خصوصی طور پر گوادر پورٹ اور فری زون کے لیے 3 فیڈرز کے ذریعے قائم کیا گیا تھا۔چونکہ کیو ای پی ایس سی کے پاس ناکافی بجلی دستیاب تھی، لہذا گرڈ اسٹیشن کو ماضی میں مہنگے جیواشم ایندھن کا استعمال کرتے ہوئے تھرمل پاور کی پیداوار کے لئے ڈیزل جنریٹرز پر انحصار کرنا پڑا۔

06

ہے عوامی نیشنل پارٹی باچا خان کی پرامن فلسفے کو آگے بڑھائیں گے قلعہ عبداللہ کے عوام نے ان سیاسی جماعتوں کو مسترد کردیا جو علاقے کی ترقی وخوشحالی نہیں چاہتے ہیں انہوں نے کہا کہ وقت اور حالات نے ثابت کردیا کہ عوامی نیشنل پارٹی کو شکست دینے والے خود ناکامی سے دوچار ہونگے قلعہ عبداللہ کے عوام نے علاقے کی دشمن پارٹیوں کو دوبارہ مسترد کردیا عوامی نیشنل پارٹی باچا خان کے ارمانوں کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے انہوں نے کہا کہ ماضی میں عوامی مسائل حل اور عوام کے درمیان رہ کر وزارت کی ہے آئندہ بھی عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے مخالفین نے عوامی مسائل حل کرنے کی راہ میں رکاوٹ پیدا کرنے کیلئے عدالتوں سے رجوع کیا جس پر میں نے عدالت کے فیصلے کا احترام کرتے ہوئے دوبارہ الیکشن لڑنے کی حامی بھرلی اور اللہ نے مجھے سرخرو کیا کیونکہ اس علاقے کے مسائل میں نے حل کیے کسی نے سوچا تک نہیں یہی وجہ ہے عوام نے ایک بار پھر مجھ پر اعتماد کرتے ہوئے بھاری اکثریت سے کامیاب کرایا۔

07

ہے جب تک مذکورہ اہم عہدوں پر فائز ذمہ داران کا تبادلہ نہیں ہوتا جب کی صورتحال کی تبدیلی کسی صورت ممکن نہیں ہے۔جب شہر میں جرائم پیشہ عناصروں سمیت غیرقانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کا باعث بن رہے ہیں چوری چکاری لوٹ مار اسٹریٹ کرائم و کاروباری حضرات کے ساتھ وارداتیں رونما ہونا ایس ایس پی حب کیلئے سوالیہ نشان ہے؟؟ یہاں تک کہ تاجر برادری کے ساتھ آئے روز لوٹ مار کی وارداتیں رونما ہورہی ہیں بلکہ تاجر برادری ایک خوف کی عالم میں کاروبار کررہی ہے انتہائی حیرت کی بات ہے شہری سمیت کاروباری حضرات تک محفوظ نہیں جبکہ سرکاری ملازم اور عام شہری بینک سے تنخواہیں نکلنے کیلئے محصور ہوکر رہ گئے ہیں اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پولیس کرائم کو کنٹرول کرنے میں آخر کس وجہ سے ناکام نظر آرہی ہے؟؟ آخر کیا وجہ ہوسکتی ہے جرائم پیشہ افراد واردات کرکے با آسانی فرار ہونے میں کامیاب ہوتے ہیں کہیں شرپسند عناصر با اثر تو نہیں یا دال میں کچھ کالا ہے۔

08

میں ہونے والی محفل گیارہویں شریف میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ والہ وسلم تحفظ صحابہ تحفظ قرآن تحفظ مدارس کے لیے ہم ہر قربانی دینے کے لیے تیار ہیں کسی سے بھی کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا مدارس اور مساجد اسلام کے قلعے ہیں ان کے تحفظ کے لیے ہر مسلمان کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اس پرفتن دور میں دین اسلام اور اولیاء کرام صوفیاء کرام کی تعلیمات پر عمل کرنے کی ضرورت ہے طریقت وشریعت دو الگ چیزیں نہیں ہیں دونوں ایک ہی ہے ایک سازش کے تحت طریقت اور شریعت کو الگ سمجھا جا رہا ہے شریعت کے بغیر کوئی صوفی اور اولیاء کرام کی صفوں میں داخل نہیں ہوسکتا مدارس ظاہری علوم پر جدوجہد کرکے دین اسلام کو پھیلا رہے ہیں اور صوفیا کرام باطن پر توجہ کرکے زنگ آلودہ دلوں کو روشن ومنور کر رہے ہیں جس صوفی میں شریعت نظر نہیں آئے تو وہ با صفہ صوفی نہیں ہوسکتا بلکہ وہ کسی اور راہ پر گامزن ہو چکا ہے انہوں نے کہا کہ نظام مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے نفاذ کے بغیر ملک کو بحرانوں اور مہنگائی سے نہیں نکالا جاسکتا اس وقت وطن عزیز مختلف بحرانوں اور آئی ایم ایف کی غلامی میں چل رہا ہے۔

09

تفریق خدمت ہی عظمت ہے، غریب لاچار اور مفلس افراد کو ضروریات زندگی کی اشیاء فراہم کرنا ہمارا فرض ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے شیلٹر ہوم کراچی میں بچوں میں گفٹس تقسیم کے حوالے سے بات چیت کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ فلاحی کام کرنے سے وقار بلند اور عزت نفس میں اضافہ ہوتا ہے۔یتیموں بیواؤں اور ناداروں کی مدد سے ہی دنیا و آخرت سنورے گی وہ لوگ جو لوگوں کے درد کو سمیٹنے اور ان میں آسانیاں بانٹنے کے لئے عملی طور پر سرگرم رہتے ہیں۔ایک دوسرے کے کام آنا انسانیت اور عبادت ہے۔ جو انسان دوسروں کے غم میں شریک ہوتا ہے۔ اس کے اپنے غم مٹ جاتے ہیں۔ زمانہ جوں جوں ترقی کرتا جا رہا ہے، باہمی محبت وتعاون کا جذبہ سرد پڑتا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمارے اردگرد بہت سے لوگ خط غربت سے نیچے زندگی بسر کر رہے ہیں۔ ہر شخص کی ضروریات زندگی میں صحت، لباس، تعلیم اور کھانا پینا اور اچھی رہائش ہے مگر بیشتر ان سے محروم ہیں۔ایسے حالات میں قابل تحسین ہیں وہ نوجوان جو لوگوں کے درد کو سمیٹنے اور ان میں آسانیاں بانٹنے کے لئے سرگرم ہیں۔لیکن اس کے پیش نظر ہم اپنے اردگرد نوجوانوں کو دیکھتے ہیں جن کی زیادہ تعداد ان کاموں سے بھی محروم ہے، اسلام کے عملی تعارف کے لئے خدمت خلق کا میدان سب سے پسندیدہ اور موثر عمل ہے۔ معاشرے کے معاشی، فلاحی، انفرادی اصلاحی اور تحقیقی پہلو سے وابستہ انسانیت کی خدمت وترقی کے امور کو سماجی کام کہا جاتا ہے۔ان کاموں کا تعلق روح اور عمرانیات کے فلسفہ میں پنہاں ہے۔انسانیت سے پیوست ہر پہلو کی اصلاح، فلاح اور رہنمائی کے لئے جو بھی راستہ چنا جائے، وہ سماجی خدمت کے زمرے میں آتا ہے۔ سماجی کارکنان کی ذمہ داری ہے کہ وہ انفرادی طور پر بھی مثبت وتعمیری سوچ کو پھیلائیں اور مفاد عامہ کے مسائل کے حل کے لئے سماجی تقاضوں کے تحت کوششیں کریں، کیونکہ وہ خود بھی معاشرے کی بنیادی اکائی ہیں، خاص طور پر خواتین سماجی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے کر وطن عزیز پاکستان کی تعمیر وترقی وحفاظت میں بھی اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ ہر معاشرے میں کچھ ایسے لوگ بھی ہوتے ہیں جو بڑی خاموشی کے ساتھ فلاح و بہبود کے کام کرتے ہیں۔ایسے افراد کو نہ تو شہرت کی فکر ہوتی ہے اور نہ ہی کسی قسم کا لالچ، ان کے فلاحی کاموں سے حاصل کردہ اطمینان ہی ان کے لئے سب سے بڑی کامیابی ہوتی ہے۔ فلاحی ادارے ہمارے معاشرے میں نعمت سے کم نہیں ہیں۔ ہمارے سماجی مسائل کی ایک بڑی وجہ جذبہ خدمت خلق کی کمی ہے۔ ہمارے اردگرد مسائل میں گھرے کئی افراد مدد کی آس میں تڑپ رہے ہیں۔بیمار، لاچار، بے سہارا، یتیم، بیوہ، غریب، مسکین، بے گھر یا دوسری کئی آفتوں کے مصیبت زدہ افراد، ایسے پریشان حال لوگوں کی مدد کرنا ہم پر فرض ہے، معروف سماجی شخصیت ایدھی صاحب مرحوم نے تو جوانوں کو عزم و حوصلے کا واضح پیغام دیا۔ وہ نوجوانوں کے لئے رول ماڈل ہیں۔

10

مع فراہم کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حوالے سے باہر کے لوگ جو باتیں کررہی ہے کہ یہاں حالات خراب ہے آج اس میلے نے ثابت کیا کہ بلوچستان ایک پرامن اور خوشحال صوبہ ہے یہاں پر رہنے والے تمام آپس میں بھائی ہے بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ پاکستان کا ساتھ دیا ہے اور آئندہ بھی دینگے مخالفین اور خاص کر دوسرے ممالک کے اشاروں پر جو لوگ حالات خراب کرنے کی کوشش کررہے ہیں ان کو اجازت نہیں دینگے بلکہ اس میلے کی توسط سے ان ناراض بلوچوں کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ ملک واپس آکر صوبے کی تعمیر وترقی وخوشحالی میں ساتھ دیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک خوشحال امن کا گہوارہ ہے اس امن کو برقرار رکھنے کیلئے حکومت کے ساتھ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنا کردار ادا کریں میلے میں شرکت کرنے پر پنجگور آواران و دیگر علاقوں سے جو بچے آئے ان کو خوش آمدید کہتے ہیں اور ان کو داد دیتے ہیں میلے کے اختتام پر مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے افراد کو ایوارڈ اور سند بھی فراہم کی جبکہ پنجگور سے آئے ہوئے بچوں کیلئے پانچ لیپ ٹاپ دی گئی۔

11

او یوز کی منظوری بھی دیدی، کابینہ سے سرکولیشن پر الگ الگ سمریوں کی منظوری لے لی گئی ہے۔ پاکستان اور ایران ورک فورس کیلئے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کریں گے، دونوں ممالک میں ہنر مند افرادی قوت کے تبادلے کیلئے اقدامات کئے جائیں گے۔ایم او یوز کے تحت ورکرز کی فلاح و بہبود کیلئے مشترکہ تعاون کو فروغ دیا جائے گا، ایم او یوز کے تحت ورکرز ویلفیئر فنڈ کے قیام کا جائزہ لیا جائے گا۔ایم او یوز کے تحت فلم کیلئے جوائنٹ پروڈکشن پراجیکٹس کئے جائیں گے، ایک دوسرے کی فلم انڈسٹری کو سمجھنے کیلئے وفود کا تبادلہ کیا جائے گا، ایم او یوز کے تحت پاکستان اور ایران میں فلم ویکس اور دیگر ثقافتی تقریبات کا انعقاد ہوگا۔ پاکستان اور ایران نے باہمی قانونی معاونت کا معاہدہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کی وفاقی کابینہ نے سرکولیشن کے ذریعے منظوری دیدی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ قانونی معاہدے اور قانونی ایم او یو پر دستخط ایرانی صدر کے دورہ پاکستان میں متوقع ہیں، دونوں ممالک سول اور کمرشل امور میں باہمی قانونی معاونت کا معاہدہ کریں گے۔

12

گارڈ آف آنر پیش کیا۔وزیراعظم ہاؤس میں ایرانی صدر کی آمد پر باضابطہ استقبالیہ تقریب منعقد ہوئی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ایران کے صدر کا پرتپاک خیر مقدم کیا جس کے بعد انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ایرانی صدر نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا۔اس موقع پر دونوں ممالک کے قومی ترانے بھی بجائے گئے۔ وفاقی کابینہ کے ارکان کا ایران کے صدر کے ساتھ تعارف کرایا گیا۔ایرانی صدر نے اپنے وفد کے ارکان کو بھی وزیراعظم محمد شہباز شریف سے متعارف کرایا۔ ایرانی صدر اور وزیراعظم شہباز شریف نے ارتھ ڈے کی مناسبت سے پودا بھی لگایا۔قبل ازیں وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ایرانی صدر نے ملاقات کی، اس موقع پر ایرانی سفیر اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے، ملاقات میں دوطرفہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں تعاون سے متعلق امور پر تبادلہ خیال ہوا، بعدازاں دفتر خارجہ کی جانب سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ ایرانی صدر تین روزہ دورے پر پاکستان پہنچ گئے ہیں یہ کسی بھی ایرانی صدر کا گذشتہ 8 برس میں پہلا دورہ پاکستان

شکست خوردہ پارٹیاں اب علاقے کی امن و ترقی کیلئے بدامنی چاہتے ہیں، زرک اچکزئی

عوامی نیشنل پارٹی باچا خان کی پرامن فلسفے کو آگے بڑھائیں گے عوام کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے ایک بار پھر سرخرو کیا، نومنتخب رکن اسمبلی

ماضی میں عوامی مسائل حل اور عوام کے درمیان رہ کر وزارت کی ہے آئندہ بھی عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے

کوئٹہ (اے این این) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و نومنتخب رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ شکست خوردہ پارٹیاں اب علاقے کی امن و ترقی کے لئے بدامنی چاہتا ہے عوامی نیشنل پارٹی باچا خان کی پرامن فلسفے کو آگے بڑھائیں گے عوام کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے ایک بار پھر سرخرو کیا عوام کے اعتماد کو کسی صورت ٹھیس نہیں پہنچائیں گے، یہ بات انہوں نے ضمنی الیکشن میں کامیابی کے بعد مبارکباد دینے والوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ شکست خوردہ پارٹیاں اب علاقے کی امن و ترقی کے لئے بدامنی چاہتا (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

علماء کرام نے ہمیشہ باطل قوتوں کے سامنے ڈٹ کر مقابلہ کیا' ذوالفقار علی

فیضان اولیاء و مشائخ کی خدمات کو علمائے کرام قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اللہ کریم مزید ترقیاں عطا فرمائے

کوئٹہ (اے این این) اتحاد اہل سنت بلوچستان کے مرکزی شوریٰ کے ممبر علامہ مولانا حافظ صاحبزادہ احمد رضا قمر انی علامہ حافظ صاحبزادہ محمد حسان حبیبی اہل سنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری سلسلہ قادریہ کے خلیفہ امتیاز حسین سروری قادری خلیفہ میاں حضور ڈاکٹر محمد مزمل قادری سیاسی و سماجی رہنما ڈاکٹر محمد طاہر لانگو آفتاب احمد ایڈووکیٹ نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

مستحق فرد کی مدد کرنے سے دلی سکون ملتا ہے، ایڈووکیٹ سکینہ منور

سماجی خدمت ہی اصل میں انسانیت کی بقا کا راستہ ہے فلاح انسانیت کا درس ہمیں نبی کریم ﷺ نے دیا ہے

کراچی (پ ر) سماجی کارکن و سینئر ایڈووکیٹ سکینہ منور نے کہا کہ مستحق فرد کی مدد کرنے سے دلی سکون ملتا ہے۔ یہ کام صدقہ جاریہ اور غریب و نادار افراد کی دعاؤں کا وسیلہ ہوتا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سماجی خدمت ہی اصل میں انسانیت کی بقا کا راستہ ہے فلاح انسانیت کا درس ہمیں نبی کریم ﷺ نے دیا ہے بطور مسلمان ہم پر فرض ہے کہ انسانی خدمت کی خدمت کریں بلا (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی سے صوبائی وزیر میر سرفراز چاکر ڈومکی اور سینیٹر دوستین ڈومکی ملاقات کر رہے ہیں

حب شہر یا جرائم پیشہ افراد و چور چکاروں کا پناہ گاہ بن گیا

حب (یو این اے) حب سرکل میں گزشتہ ایک سال سے جرائم سمیت معاشرتی برائیوں میں کافی حد تک اضافہ ہوا جو کہ انتہائی افسوس ناک عمل ہے حب سرکل میں امن و امان کو بحال کرنے کیلئے حب کے اہم عہدوں پر فائز ایس ایس پی حب اور ڈی ایس پی حب کا تبادلہ وقت کی اہم ضرورت (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

گوادر نارتھ فری زون کو 10 میگاواٹ بجلی فراہم کرنے کا 80 فیصد کام مکمل

گوادر پورٹ اتھارٹی بطور ایگزیکٹیو ایجنسی مئی کے تیسرے ہفتے میں پورا کام مکمل کرے گی

گوادر (آن لائن) جی پی اے نے گوادر نارتھ فری زون کو 10 میگاواٹ بجلی فراہم کرنے کا 80 فیصد کام مکمل کر لیا، گوادر پورٹ اتھارٹی بطور ایگزیکٹیو ایجنسی مئی کے تیسرے ہفتے میں پورا کام مکمل کرے گی، ڈیپ سی پورٹ گرڈ اسٹیشن سے 300 میٹر طویل زیر زمین بجلی کی (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

صحبت پور سابق ضلع کونسل کے چیئرمین پر پولیس تھانہ میں مقدمہ درج کرلیا

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور سابق ضلع کونسل کے چیئرمین پر پولیس تھانہ میں مقدمہ درج۔ نگران وزیر اعظم مرحوم حاجی ہزار خان کے فرزند ایڈووکیٹ امجد کھوسہ و دیگر کے خلاف فائرنگ کرنے کا صحبت پور پولیس نے مقدمہ درج کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سابق ضلع کونسل (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

بشریٰ بی بی کو قید تنہائی میں رکھنا ایک طرح کا تشدد ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے بشریٰ بی بی کو بنی گالہ سے اڈیالہ جیل منتقل کرنے کی درخواست پر سماعت کی

دوران سماعت سٹیٹ کونسل نے ایک ہفتے کا وقت مانگا تو عدالت نے استدعا منظور کر لی

اسلام آباد (یو این اے) اسلام آباد ہائیکورٹ نے ریمارکس دیے ہیں کہ بشریٰ بی بی کو قید تنہائی میں رکھنا ایک طرح کا تشدد ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے بشریٰ بی بی کو بنی گالہ سے اڈیالہ جیل منتقل کرنے کی درخواست پر سماعت کی، بشریٰ بی بی کی جانب سے وکیل عثمان ریاض گل اور خالد یوسف چودھری عدالت پیش ہوئے۔ دوران سماعت سٹیٹ کونسل نے ایک ہفتے کا وقت مانگا تو عدالت نے استدعا منظور کر لی۔ سٹیٹ کونسل نے کہا کہ سب جیل کے قیام سے متعلق ہم اپنے طور پر دیکھ رہے ہیں کوئی چیز غیر قانونی تو نہیں جس کیلئے کچھ وقت چاہیے (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

خضدار سے صوبائی اسمبلی کا میدان بی اے پی نے میدان مار لیا

بی اے پی کے جہانزیب مینگل 28175 ووٹ لے کر پہلے نمبر پر رہے، غیر حتمی غیر سرکاری نتائج

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 20 خضدار 03 کے ضمنی انتخابات کا میدان بلوچستان عوامی پارٹی (بی اے پی) کے جہانزیب مینگل نے میدان مار لیا۔ بلوچستان کے حلقہ پی بی 20 خضدار 03 کے کل 100 پولنگ اسٹیشنز میں سے 99 کے غیر حتمی غیر سرکاری نتائج جاری کر دیے گئے غیر حتمی اور غیر سرکاری نتائج کے مطابق بی اے پی کے جہانزیب (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

کوئٹہ میں قتل امام مسجد طالبان کمیٹی کے رکن تھے، شناخت ہوگئی

عمر جان طالبان کمیٹی کے رکن تھے اور کئی سال سے کوئٹہ میں مقیم تھے، ترجمان افغان طالبان

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے علاقے نواں کلی میں گزشتہ ہفتے قتل کیے جانے والے امام مسجد کی شناخت ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق امام مسجد عمر جان کا تعلق ہمسایہ ملک افغانستان سے ہے اور طالبان حکام نے اس بات کی تصدیق کی ہے۔ افغان طالبان کے ترجمان کا کہنا ہے کہ عمر جان طالبان کمیٹی کے رکن تھے اور کئی سال سے کوئٹہ میں مقیم تھے۔ ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ کے (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

ناراض بلوچ ناراضگی کی بجائے واپس آ کر صوبے کی ترقی و خوشحالی میں اپنا کردار ادا کریں، نومنتخب نمائندے

بلوچستان امن کا گہوارہ ہے اس کو برقرار رکھنے کیلئے حکومت کے ساتھ عوام کا بھی فرض بنتا ہے کہ وہ اپنا کردار ادا کریں، سینیٹر دنیش کمار، فرح عظیم شاہ

بلوچستان ایک خوشحال امن کا گہوارہ ہے اس امن کو برقرار رکھنے کیلئے حکومت کے ساتھ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنا کردار ادا کریں، چنگیز جمالی

کوئٹہ (اے این این) نومنتخب نمائندوں و سیاسی رہنماؤں نے کہا ہے کہ بلوچستان امن کا گہوارہ ہے اس کو برقرار رکھنے کیلئے حکومت کے ساتھ عوام کا بھی فرض بنتا ہے کہ وہ اپنا کردار ادا کریں ناراض بلوچ ناراضگی کی بجائے واپس آ کر صوبے کی ترقی و خوشحالی میں اپنا کردار ادا کریں امن پاکستان کے زیر اہتمام عید میلہ خوش آئند ہے اور اس میلے میں کوئٹہ کے علاوہ پنجگور آواران اور دیگر علاقوں سے بچوں نے شرکت کرکے یہ ثابت کیا کہ بلوچستان کے عوام ملک کے ساتھ ہیں اور رہیں گے، ان خیالات کا اظہار بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر دنیش کمار، پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر میر چنگیز جمالی، رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ، فائزہ ملک اور دیگر نے تین روزہ عید میلہ کے اختتامی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر اراکین اسمبلی، سیکرٹریز و دیگر بھی موجود تھے، انہوں نے کہا کہ عید میلہ پر ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے اس طرح پروگرام کا انعقاد کر کے عوام کیلئے ایک تفریح کا مو (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی سے ڈاکٹر جاوید ملاقات کر رہے ہیں

صوبہ کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہے گا

کوئٹہ (اے این این) صوبہ کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہے گا ژوب، موسیٰ خیل، اور گرد و نواح میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش ہو سکتی ہے کوئٹہ میں کم سے کم درجہ حرارت 17 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا قلات میں کم سے کم درجہ حرارت 15 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا سبی میں کم سے کم درجہ حرارت 35 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا نوکنڈی میں کم سے کم درجہ حرارت 34 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا تربت میں کم سے کم درجہ حرارت 36 ڈگر (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

وفاقی کابینہ نے ایران کیساتھ مختلف ایم او یوز پر دستخط کی منظوری دیدی

پاکستان اور ایران کا ورک فورس اور فلم و سینما میں تعاون کیلئے ایم او یوز پر دستخط کا فیصلہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی کابینہ نے ایران کے ساتھ مختلف شعبوں میں ایم او یوز پر دستخط کرنے کی منظوری دے دی۔ وفاقی کابینہ نے ایم او یوز سائن کرنے کی منظوری سرکولیشن سمری کے ذریعے دی۔ ایرانی صدر کے دورہ کے دوران پاکستان اور ایران نے ورک فورس اور فلم و سینما میں تعاون کیلئے ایم او یوز پر دستخط کا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی کابینہ نے ایران کے ساتھ مزید 2 ایم (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

سعودی ولی عہد کا کراچی ایئرپورٹ پروڈوٹو کمہ پروجیکٹ شروع کرنا خوش آئند ہے، قاری عبدالرشید

کوئٹہ (آن لائن) مہتمم مدرسۃ البنات و ممبر رویت ہلال کمیٹی ڈاکٹر قاری عبدالرشید نے کہا ہے کہ سعودی ولی عہد پرنس محمد بن سلمان نے اسلام آباد کے بعد کراچی جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر روڈ ٹو مکہ پروجیکٹ فوری طور پر شروع کرنے کا جو حکم دیا ہے خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ کے تحت کراچی سمیت سندھ بھر کے عازمین حج کے امیگریشن اور دیگر تمام ضروری تقاضے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ہی پورے کر لئے جائیں گے۔ اور یہاں (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

ایران کے صدر تین روزہ سرکاری دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے

پرتپاک استقبال، اسحاق ڈار کی ملاقات، وزیراعظم ہاؤس میں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) ایران کے صدر ڈاکٹر سید ابراہیم رئیسی پاکستان کے تین روزہ سرکاری دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے، نور خان ایئربیس پر وفاقی وزیر میاں ریاض حسین پیرزادہ اور دیگر حکام نے ان کا پرتپاک استقبال کیا، اس موقع پر بچوں نے روایتی انداز میں ایرانی صدر کو پھول پیش کئے۔ ایران کے صدر ڈاکٹر سید ابراہیم رئیسی کو وزیراعظم ہاؤس آمد پر مسلح افواج کے دستے نے (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

قلعہ عبداللہ میں ری پولنگ کے نام پر اقوام کے درمیان جنگ میدان کا موقع فراہم کیا گیا تھا، کیوائم

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے بیان میں الیکشن کمیشن کی غیر ذمہ دارانہ الیکشن کے نام پر اقوام کو دست و گریبان کرنے کی پالیسی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کمیشن نے موبائل نیٹ ورک بند کر کے مقامی انتظامیہ کی تعیناتی سے قلعہ عبداللہ میں ری پولنگ کے نام پر اقوام کے درمیان جنگ میدان کا موقع فراہم کیا گیا تھا۔ ڈنڈہ مار کر (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

بلوچستان بھر میں بارشوں اور ژالہ باری سے کسانوں کا نقصان ہوا ہے، خالد حسین باٹھ

وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صرف شہر میں فوٹو سیشن تک محدود ہے، چیئرمین کسان اتحاد

کوئٹہ (اے این این) کسان اتحاد کے چیئرمین خالد حسین باٹھ نے کہا ہے کہ بلوچستان بھر میں بارشوں اور ژالہ باری سے کسانوں کا نقصان ہوا ہے بلوچستان سرفراز بگٹی صرف شہر میں فوٹو سیشن تک محدود ہے حکومت کی جانب سے کسانوں کے ساتھ کیے گئے وعدے پورے نہیں ہوئے حکومت نے اگر گندم کا ریٹ نہیں دیا تو 29 اپریل کو پنجاب اسمبلی کے باہر دھرنا دینگے، یہ (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

کوئٹہ ایک بار پھر ٹینکر مافیا کی زد میں، ٹینکر کی قیمتوں میں اضافہ

وزیر اعلیٰ بلوچستان اور محکمہ پی ایچ ای کے وزیر اس حوالے سے اقدامات کریں اور عوام کو صاف پانی فراہم کرنے کیلئے کارروائی کریں

حکومت کی جانب سے ایک طرف پانی کی مد میں اربوں روپے خرچ ہو رہے ہیں

(باقی صفحہ 3 نمبر 25)

آئی ایم ایف پاکستان کے ساتھ تعاون کیلئے تیار ہے، ڈائریکٹر آئی ایم ایف

(باقی صفحہ 3 نمبر 13)

لائیو سٹاک کا شعبہ بلوچستان کی معیشت کا ایک اہم ستون ہے، بخت محمد کاکڑ

بلوچستان میں لائیو سٹاک کے شعبے میں ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاری کے بہترین مواقع موجود ہیں

لائیو سٹاک کے شعبے کی ترقی سے غربت کا خاتمہ ہو گا، صوبائی وزیر لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ

(باقی صفحہ 3 نمبر 15)

آل کوئٹہ تفتان کوچز ٹرانسپورٹ مطالبات کے حق میں پہیہ جام ہڑتال

کوئٹہ (یو این اے) آل کوئٹہ تفتان کوچز ٹرانسپورٹ یونین کا تفتان دالبندین چاغی ماشکیل سینڈک روٹ سمیت رخشان بیلٹ کے تمام بس کوچز ٹرانسپورٹرز کا گزشتہ چار روز سے اپنے اجتماعی جائز و تعمیری مطالبات کے حق میں اپنی ٹرانسپورٹ احتجاجاً غیر معینہ مدت کیلئے پہیہ جام ہڑتال کر کے کھڑی کر دی گئی ہیں آل کوئٹہ تفتان دالبندین ماشکیل (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

کوئٹہ، نو منتخب صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی کو سیکریٹری خزانہ بابر خان تھکانہ بریفنگ دے رہے ہیں

محکمہ تعلیم کی جانب سے سرکاری اسکولوں سے مسلسل غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائیاں شروع

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر محکمہ تعلیم کی جانب سے سرکاری اسکولوں میں مسلسل غیر حاضر اساتذہ کے خلاف کارروائیاں شروع کر دی گئی مجموعی طور پر غیر حاضر 15 سو 66 اساتذہ کے خلاف محکمانہ کارروائیاں کی گئی محکمہ تعلیم حکام کے مطابق بلوچستان کے (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

قوم حسن زئی کی زمین کو لاوارث نہ سمجھا جائے، معتبرین حسن زئی قوم

ثالث نے فیصلہ خود کرنے کے بجائے بھائی سے کروایا جس کو یکسر مسترد کرتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) قوم حسن زئی کی جانب سے تمام علاقوں اور اہلیان ژوب کو مطلع کیا جاتا ہیں کہ حسن زئی اور اپوزئی کے درمیان اراضی تنازعہ جس کی حلقہ حدود جو شرقاً غرباً انعام غنڈی، جنگ آباد، شمال جنوباً جریال آباد، ایئرپورٹ جس کے تصفیے کے لیے جمال خان مندوخیل کو ریونیو ریکارڈ سمیت تمام مثلہ جات، دستاویزات کی روشنی میں وضاحت کا اختیار دے کر ثالث مقرر کیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

ملازمین کو درپیش مسائل حل نہ ہونے سے ہمیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اسماعیل شاہ

سبی (اے این این) میونسپل کمیٹی ایمپلائز یونین (سی بی اے) سبی کے صدر سید محمد اسماعیل شاہ جنرل سیکرٹری فیصل مسیح نے کہا ہے کہ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی کی مسلسل غیر حاضر اور ناقص کارکردگی لاپرائی کی وجہ سے سبی میں میونسپل کمیٹی تباہ و بربادی کا شکار ہو چکی ہے ملازمین کو درپیش مسائل حل نہ ہونے سے ہمیں شدید مشکلات کا سامنا (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

وزیر خزانہ سے دبئی میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کی ملاقاتیں

انفارمیشن ٹیکنالوجی، توانائی، ٹرانسپورٹ، انفراسٹرکچر اور دیگر شعبوں میں تعاون پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب نے دبئی میں غیر ملکی سرمایہ کاروں سے ملاقاتیں کیں جن میں آیانا ہولڈنگ کے چیئرمین عبداللہ بن کیچ اور محمد بلال بن تراف المنصوری، چیئرمین نادالشبہ ہولڈنگ شامل ہیں۔ انہوں نے مو جودہ اقتصادی شراکت (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

مالی فراڈ میں ملوث ملزم اویس کو ایف آئی اے نے گرفتار کرلیا

راولپنڈی (آن لائن) ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل راولپنڈی نے کارروائی کرتے ہوئے مالی فراڈ میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا، ایف آئی اے حکام کے مطابق ملزم نے سادہ لوح شہریوں سے انوسٹمنٹ کے نام پر فراڈ کیا، ملزم محمد اویس کو راولپنڈی سے گرفتار کیا گیا، ملزم سادہ لوح شہریوں کو اپنے جال میں پھنسانے کے لئے (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

آئل کمپنیز مشاورتی کونسل کے خط پر وفاقی حکومت نے ایکشن لے لیا

پٹرولیم ڈویژن نے اوگرا سے پٹرول کی قیمتوں کو ڈی ریگولیٹ کرنے پر تین ایام میں مشاورت طلب کرلی

اسلام آباد (آن لائن) آئل کمپنیز مشاورتی کونسل کے خط پر وفاقی حکومت نے ایکشن لے لیا، پٹرولیم ڈویژن نے اوگرا سے پٹرول کی قیمتوں کو ڈی ریگولیٹ کرنے پر تین ایام میں مشاورت طلب کر لی، ایچ او بی سی کی طرز پر پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کو مکمل طور پر ڈی ریگولیٹ ہونے کا امکان ہے، ذرائع کے مطابق آئل کمپنیز مشاورتی کونسل نے ایرانی تیل کی ملک میں اسمگلنگ کے حوالے سے خبردار کیا تھا، پیٹرولیم مصنوعات کو ڈی ریگولیٹ کرنے کے فوائد و نقصانات پر تفصیلی (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

نوکنڈی، کوچز کی ہڑتال سے رخشان ڈویژن کے عوام رل گئے

غریب ٹوڈی میں سفر کرنے کی سکت نہیں رکھتے بھاری بھر کرایہ ادا کرنا ان کے بس میں نہیں، عوامی حلقے

نوکنڈی (آن لائن) کوچز کی ہڑتال سے رخشان ڈویژن کے عوام رل گئے ہیں ٹوڈی کار موٹرز کی چاندی عوام کی مجبوریوں سے دگنا کرایہ وصول کیا جا رہی تفصیلات کے مطابق آل کوئٹہ، تفتان، نوکنڈی، دالبندین، ماشکیل، چاغی اور رخشان بیلٹ کے تمام بس ٹرانسپورٹرز گزشتہ چار دن سے پہیہ جام ہڑتال کر کے اپنی بسیں کھڑی کی گئی ہیں جس سے عام اور غریب لوگوں کو سفر کرنے (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

حکومت پاکستان نوجوانوں کی ترقی پر بھرپور توجہ دے رہی ہے، رانا مشہود

وزیراعظم دوست ممالک سے سرمایہ کاری کو راغب کر رہے ہیں، چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام

پشاور (آن لائن) وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان نوجوانوں کی ترقی پر بھرپور توجہ دے رہی ہے، اس کے لیے وزیراعظم دوست ممالک سے سرمایہ کاری کو راغب کر رہے ہیں، شہباز شریف نے نوجوانوں کی تکنیکی تربیت بڑھانے کے لئے کوششیں کرنے کی ہدایت کی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے پشاور میں قائم چینی ثقافتی مرکز چائنا ونڈو کا دورہ کیا۔ مشہود نے نیشنل کمیشن فار ٹیکنیکل (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

کراچی کے تجربہ کار سرجنز 26 سے 27 اپریل کو خاران میں سرجری کرینگے

خاران (یو این اے) بلوچستان سے کوئی بھی غریب بندہ ہو جو آنکھوں کا آپریشن (فیکو سرجری، 14 ہزار والا لینز) کروانا چاہتے ہیں ان کا مفت آپریشن الابراہیم آئی اسپتال خاران میں کرائے جائیں گے۔ کراچی سے تجربہ کار سرجن 26 اور 27 اپریل کو سرجری کریں گے۔ اپنے (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

وزیراعظم سے ایرانی صدر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

پاک اور ایران کا دہشت گردی کے خاتمے کیلئے مشترکہ کوششوں پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور ایران نے تجارت اور مواصلاتی روابط بڑھانے سمیت دہشت گردی کے خاتمے کیلئے مشترکہ کوششوں پر اتفاق کیا ہے، یہ اتفاق وزیراعظم شہباز شریف اور ایرانی صدر کے درمیان ہونے والی ملاقات کے درمیان طے پایا۔ پیر کے روز ایرانی صدر سید ابراہیم رئیسی کی دورہ پاکستان کے پہلے روز وزیراعظم ہاؤس پہنچے جہاں پر وزیراعظم نے کابینہ ارکان (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

چینی بین الاقوامی ترقیاتی تعاون ایجنسی کا وفد اسلام آباد پہنچ گیا

اسلام آباد (آن لائن) چینی بین الاقوامی ترقیاتی تعاون ایجنسی کے وفد پاکستان کے پانچ روزہ دورے پر اسلام آباد پہنچ گیا، وزارت اقتصادی امور کی جانب جاری اعلامیہ کے مطابق چینی بین الاقوامی ترقیاتی تعاون ایجنسی کے وفد کا وزارت کے حکام نے پرتپاک خیر مقدم کیا، (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

نیب کیس میں آصف زرداری کے وکیل نے صدارتی استثنیٰ مانگ لیا

ایک ملزم کی حاضری نہیں ہوئی اگر وہ نہیں حاضر ہوتا تو وارنٹ گرفتاری جاری کریں گے، ریمارکس

اسلام آباد (آن لائن) عدالت کی جانب سے نیب کیس میں صدر آصف علی زرداری کے وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کا عندیہ دیا جس پر آصف زرداری کیلئے ان کے وکیل نے صدارتی استثنیٰ مانگ لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق احتساب عدالت اسلام آباد میں صدر آصف علی زرداری اور دیگر کے خلاف تحفہ واٹر سپلائی ریفرنس کی سماعت ہوئی جہاں احتساب عدالت کے جج (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

کوئٹہ، وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو کو ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم وزارت داخلہ آفس آمد پر پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

مخصوص نشستوں پر حلف کا حکم، کے پی حکومت کا سپریم کورٹ جانے کا فیصلہ

صوبائی کابینہ نے سرکولیشن سمری کے ذریعے سپریم کورٹ جانے کی منظوری دے دی

پشاور (آن لائن) مخصوص نشستوں پر حلف لینے کے حکم کے خلاف خیبرپختونخوا حکومت نے سپریم کورٹ سے رجوع کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ خیبرپختونخوا اسمبلی کا اجلاس بلانے اور مخصوص نشستوں پر حلف کے معاملے پر صوبائی حکومت نے عدالت عظمیٰ جانے کا فیصلہ کر لیا۔ صوبائی کابینہ (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

گندم کا کم ریٹ: کسانوں کا اسلام آباد کی طرف مارچ اور دھرنے کا اعلان

وہاڑی (آن لائن) مرکزی کسان اتحاد نے بارہ انہ کی تقسیم گندم کا کم ریٹ اور عدم خریداری کی خلاف 29 اپریل کو ملک بھر کے کسانوں کا اسلام آباد کی طرف مارچ اور دھر (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی رکن صوبائی اسمبلی اسفندیار کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

تنظیم اساتذہ بلوچستان کی مجلس عاملہ کوئٹہ میں زیر صدارت رئیس اللہ ڈنہ منگریو ہوا

حیدر دین (اے این این) تنظیم اساتذہ بلوچستان کی مجلس عاملہ کوئٹہ میں زیر صدارت رئیس اللہ ڈنہ منگریو منعقد ہوئی جس میں مرکزی نائب صدر تنظیم اساتذہ پاکستان پروفیسر عبدالرحمان موسیٰ خیل نے درس قرآن کی سعادت حاصل کی صوبائی سیکرٹری پروفیسر رحمت اللہ مینگل نائب (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

بارکھان کے بیشتر دیہی علاقوں کے اسکولوں میں تعلیم کا نظام درہم برہم بچوں کا مستقبل داؤ پر لگ گیا

رکنی سے 4 کلومیٹر کے فاصلے پر قائم بابائی کے اسکول میں 4 ماہ سے فیمیل ٹیچر غیر حاضر بچوں کا احتجاج ہمیں تعلیم دو

بارکھان (یو این اے) بارکھان کے بیشتر دیہی علاقوں کے اسکولوں میں کافی عرصے سے تعلیم کا نظام درہم برہم بچوں کا مستقبل داؤ پر لگ گیا شہریوں نے حکومت وقت سے مطالبہ بھی کیا کہ دیہی علاقوں میں اسکول تو موجود ہیں بچے تو جاتے ہیں لیکن ٹیچر ڈیوٹی دینے سے قاصر ہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

چند عناصر سی پیک اور ہمیں روکنا چاہتے ہیں، چین

بیجنگ (آن لائن) چین کی سی پی سی کی وائس منسٹر سن ہائی ین نے کہا ہے کہ چند عناصر سی پیک اور ہمیں روکنا چاہتے ہیں۔ انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ آف کمیونسٹ پارٹی آف چین (سی پی سی) کی وائس منسٹر سن ہائی ین نے کہا ہے کہ چند عناصر سی پیک اور ہمیں روکنا چاہتے ہیں، چیلنجز ہیں لیکن پاکستان اور چین کو مل کر ان مسائل کو حل کرنا ہے، پاکستان کی سیاست میں خواتین کی بڑھتی نمائندگی ایک مثبت پیغام ہے، پاکستان کا مستقبل بہت ر (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

پلاسٹک کا بے دریغ استعمال انسانی صحت کیلئے بڑا خطرہ، وزیر اعظم

پلاسٹک کا بے دریغ استعمال نہ صرف ہماری ندیوں، دریاؤں اور سمندروں کو آلودہ کر رہا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے مضر اثرات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، پلاسٹک کا بے دریغ استعمال انسانی صحت کے لئے بڑا خطرہ بنتا جا رہا ہے۔ پیر کے روز وزیر اعظم شہباز شریف نے یوم ارض کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان قدرتی وسائل کی حفاظت اور موسمیاتی تبدیلی کے عوامل کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ پائیدار صاف اور سرسبز مستقبل کے

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی آج باقاعدہ چارج سنبھالیں گے

اسلام آباد (آن لائن) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی آج باقاعدہ اپنے عہدے کا چارج سنبھالیں گے۔ پنجاب حکومت نے آئی جی اسلام آباد کی خدمات وفاق کے سپرد (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

وزراء کو قلمدان ملنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، فاطمہ خان

ارکان اسمبلی کو ایوان تک پہنچایا اب انکی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کو یقینی بنائیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) خواتین ونگ بلوچستان کی رہنما فاطمہ خان نے مسلم لیگ (ن) اور اتحادی جماعت کے وزراء کو حلف اٹھانے اور وزارتوں کے قلمدان ملنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ عوام نے جس اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ارکان کو اسمبلی میں بھیجا ہے وہ عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کو یقینی بنائیں گے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں فاطمہ خان (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

پی بی 50 پر سلیکشن ہی کرنا تھی تو الیکشن پر پیسے کیوں ضائع کیے گئے، رحیم زیارتوال

اگر سلیکشن ہی کرنی تھی تو عوام کا اربوں روپیہ الیکشن پر کیوں ضائع کیا ملک کا سب سے اہم مسئلہ سیاسی استحکام ہے

جمعیت علماء اسلام کے قائد مولانا فضل الرحمن نے الیکشن سے بائیکاٹ کا اعلان کیا تھا ان حلقوں میں ہمیشہ سے دھاندلی ہوتی آرہی ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنما رحیم زیارتوال نے کہا ہے کہ قلعہ عبداللہ میں ہونے والے ضمنی الیکشن کے دوران سوچے سمجھے منصوبے کے تحت موبائل نیٹ سروس مکمل طور بند اور پولنگ اسٹیشنز نمبر 72,96,98,99 کے عملے کو اغوا کیا گیا تھا، اگر سلیکشن ہی کرنی تھی تو عوام کا اربوں روپیہ الیکشن پر کیوں ضائع کیا ملک کا سب سے اہم مسئلہ سیاسی استحکام ہے۔ یہ بات انہوں نے پی ٹی آئی بلوچستان کے صدر داؤد شاہ و دیگر کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ رحیم زیارتوال نے کہا ہے کہ قلعہ عبداللہ میں ہونے والے ضمنی الیکشن کے لئے (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی صمد خان گورگیج اور صوبائی مشیر علی حسن زہری ملاقات کر رہے ہیں

امن و امان پر سالانہ 55 ارب روپے خرچ ہوتے ہیں، وزیر داخلہ

صوبائی وزیر داخلہ کی زیر صدارت سیکورٹی کا جائزہ اجلاس ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کی بریفنگ

عوام کو مزید مرتا ہوا نہیں دیکھ سکتا اب سب اداروں کو مضبوط حکمت عملی سے کام کرنا ہوگا، میر ضیاء اللہ لانگو

کوئٹہ (یو این اے) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے سیکورٹی جائزہ کے حوالے سے اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کی ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد نے تفصیلی بریفنگ دی اجلاس میں سیکورٹی گرڈ کو مضبوط بنانے اور حالیہ حملوں سے نمٹنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ جبکہ میٹنگ میں سیکورٹی فورسز پر ٹارگٹڈ حملوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں علاقے کے تسلط کا منصوبہ، صفر دہشت گردی کی حکمت عملی، امن و امان کی صورتحال، سمگلنگ، اور غیر قانونی سرگرمیاں (روک تھام) کا تفصیلی جائزہ بھی لیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ اب عوام (باقی صفحہ 3 نمبر 20)